جناب والا! میں آپ سے request کرتی ہوں کہ آپ اس پر ruling دیجئے۔ اس پر ruling دیجئے کہ کوئی ابرہہ کا بدمست ہاتھی اس ایوان میں بیٹھا ہر شخص کی ایک برابر عزت ہے۔ اس پارلیمنٹ کا ممبر، چاہے وہ وزیر بن جائے تو وہ کوئی خدا نہیں بن جاتا۔ ہم اس ایوان کے ملازم ہیں۔ ہم حکومتِ پاکستان سے تنخواہ لیتے ہیں۔ ہم یہاں پر بیٹھتے ہیں اس لیے کہ ہم یہاں کام کریں جس کے لیے ہمیں بھیجا گیا ہے۔ ہم کسی بھی سیٹھ کی Housing Society کے ملازم نہیں ہیں۔ اس پر میں آپ سے درخواست کرتی ہوں کہ میں نے ایک amendment نہیں بلکہ ایک privilege motion آپ کو دی ہے، اس کو please admit کیجئے تاکہ یہ روایت ٹوٹے اور یہ جو گردن میں سریے ہیں، یہ سریے ٹوٹیں۔ ان سریوں کا ٹوٹنا بہت ضروری ہے ورنہ کوئی نہیں بولے گا۔ آج ایک کے ساتھ ہوا ہے، کل ہر ایک کے ساتھ ہوگا۔ بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ وزیر قانون صاحب note کریں۔ سینیٹر شیری رحمان صاحبہ۔

**Senator Sherry Rehman**

سینیٹر شیری رحمان: جناب چیئرمین! آپ سے سینیٹر پلوشہ محمد زئی خان صاحبہ نے ابھی کہا ہے ہم سب کے لیے بہت ہی شرمندگی افسوس، غم اور غصے کا باعث ہے۔ یہ incident آپ سب کے سامنے ہے۔ میڈیا نے اس پر بہت گفت و شنید کی ہے۔ ایسا رویہ کمیٹیوں میں کبھی یا اس House میں، نہ ہمیں کبھی دیکھنا چاہیے نہ پھر دیکھنے کا موقع ہو۔ جناب والا! جو سینیٹر پلوشہ محمد زئی خان صاحبہ نے کہا ہے، انہوں نے یہ بھی کہا ہے کہ میں عورت ہونے کی آڑ میں بات نہیں کر رہی ہوں۔ ہر Member کا حق ہے کہ وہ سوال پوچھے ہر Member کا حق ہے کہ وہ اس کا جواب طلب کرے اور اگر بات اتنی اوپر تک پہنچتی ہے کہ ہم سب کے conduct سب کے سامنے اچھلتے ہیں تو یہ ذاتیات پر بات کبھی بھی نہیں آنی چاہیے۔

میں آپ سے گزارش کروں گی کہ میں نے اس issue کو House business میں بھی اٹھایا اور آپ سے یہ بھی گزارش ہے اسی meeting سے پہلے میں نے منسٹر علیم خان کو

خود contact کیا کہ آپ کم از کم معافی مانگ لیجئے۔ میں صاف گوئی سے بات کرنا چاہتی ہوں کیونکہ یہ ہونا نہیں چاہیے تھا۔ بہت غلط ہوا۔ ہم پہلے بھی اس کو condemn کر چکے ہیں۔

Mr. Chairman: We discussed today.

سینیٹر شیری رحمان: جناب چیئرمین! انہوں نے پھر کہا کہ میں نے already apologize کیا ہے جس پر ہمارے تین اور Members موجود تھے۔ انہوں نے بھی کہا کہ جس طرح انہوں نے apologize کیا وہ بہت روکھا تھا۔ وہ بہت دیر میں ہوا اور اس کے بعد بھی تلخ کلامیاں ہوئیں۔ میں repeat نہیں کرنا چاہتی اس ایوان میں دوسرے ممبران کے بارے میں بھی۔ اس دن جو بھی ان کی ذہنی کیفیت کا حال تھا اس کے حوالے سے میں نے ان سے کہا کہ آپ ایوان میں آ کر ہماری معزز فاضل سینیٹر سے direct سب کے سامنے معافی مانگیئے کیونکہ جو مسئلہ ہوا ہے جیسے آپ کو بتایا گیا ایوان میں وہ private میں نہیں تھا۔ یہ نجی معاملات نہیں ہیں۔ یہ ان کا نجی معاملہ نہیں ہے، یہ ہم سب کا معاملہ ہے۔ بہتر ہے کہ قواعد و ضوابط اور اخلاق کے مطابق یہ issue settle ہو۔ میں نے ان سے پوچھا آپ کب آ رہے ہیں؟ انہوں نے کہا میں پچیس کو عمرے سے ہوتا ہوا آؤں گا۔ میں نے کہا House ستائیس تک ہے آپ please یہاں آ کر public میں سب کے سامنے معافی مانگ لیجئے کیونکہ طریقہ یہی ہے اور یہ روایت یہاں کبھی زور نہیں پکڑنی چاہیے۔ چیئرمین صاحب اس پر آپ بھی خود دیکھ لیجئے۔ شکریہ۔

Mr. Chairman: Law Minister sahib.

**<u>Senator Azam Nazeer Tarar, Minister for Law and Justice</u>**

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: (وزیر برائے قانون و انصاف) جناب چیئرمین! اس پر کوئی دوسری رائے نہیں ہے کہ اس ایوان کا ہر رکن قابلِ عزت اور قابلِ تکریم وہ سر آنکھوں پر اور کبھی بھی ایسا واقعہ نہیں ہونا چاہیے۔ ہم aisle کے دونوں side پر بیٹھتے ہیں یہ تو ہم اتحادی اور الحاق میں بیٹھے ہوئے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ لفظوں کی ہلکی پھلکی گولہ باری جمہوریت کا حسن ہے ہو جاتی ہے لیکن اس طرح کی جو حد ہے وہ پار نہیں ہونی چاہیے۔ میرے لیے بڑی قابلِ احترام اور متحرک سینیٹر ہیں یہ نہیں کہ پہلی مرتبہ انہوں نے کوئی سوال پوچھا۔ انہوں نے Cabinet پر بھی تھوڑا سخت بول گئی۔ ہماری بہن ہیں میں اجتماعی معافی مانگتا ہوں۔

آپ سب ہمارے لیے بڑے معتبر ہیں اور بہت ہی محترم ہیں۔ وہ چاہے aisle کے اس طرف بیٹھیں ہیں یا اس طرف بیٹھیں ہیں we are all colleagues, we are honourable colleagues جو ہوا وہ بُرا تھا لیکن میری استدعا یہی ہو گی جس طرح کے معاملات میں گھر ہوتے ہیں جو گھر بڑے ہوتے ہیں وہ کوئی role play کرتے ہیں۔ مانڈوی والا صاحب ہیں شیری رحمان صاحبہ ہیں آپ بھی ہمارے senior ہیں میں خود بھی کرتا ہوں۔ وہ واپس آتے ہیں تو یہ معاملہ حل ہو جائے گا۔ لیکن آپ کی جو دل آزاری ہوئی اس کے لیے میں خود معذرت خواہ ہوں۔ یہ planned چیزیں نہیں ہوتیں at the spur of the moment ہو تی ہیں unfortunately۔ ہمیں بالکل احساس ہونا چاہیے۔ وہ کہتے ہیں کہ تول کر بولنا چاہیے اور بڑا سوچ سمجھ کے۔ کوشش یہی ہوتی ہے کہ کبھی بھی جو تحمل کا ساتھ ہے وہ نا چھُوٹے اور جو ہوا وہ ٹھیک نہیں تھا۔ اس کے لیے ہم بھی دل سے محسوس کرتے ہیں وہ مناسب نہیں ہوا۔ اس پر ہمیں افسوس ہے۔

Mr. Chairman: Now, no further discussion on this.

(مداخلت)

جناب چیئرمین: سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری صاحبہ۔

**Senator Samina Mumtaz Zehri**

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری: مجھے اس میں یہ کہنا ہے کہ

I am not making a speech. I just want to add one thing. Whatever happened with Senator Palwasha was very unfortunate. My only request to you and I really appreciate Minister *sahib* for standing up and saying the words that he did. But sir, you're setting up a very wrong example, if you like this, go just with an apology. I would leave it to the Cabinet to do whatever need to do, but this is wrong because we will allow other people, other Ministers, other officials other bureaucrats to disrespect anybody, let alone a woman. Sir, it is wrong.

ہم باہر اپنے حق مانگ رہے ہوتے ہیں، ادھر ہماری عزت نہ ہو تو ہم باہر کیا کرائیں گے؟ I am sorry sir, I think you should, I think میری منسٹر صاحب سے request ہوگی I don't think we should let it go کیونکہ علیم خان صاحب سے یہ سوال بہت مرتبہ کر چکے ہیں۔ اس House میں N25 کے اوپر بہت سوال ہوئے تھے۔ دس سال کا ہم نے corruption کا data ان کے پاس بھیجا تھا they denied it اب جب اگر کمیٹی کے اندر وہ پوچھ رہی ہیں تو آپ politely جواب دے سکتے ہیں۔

Obviously there is something hidden that you are attacking a woman's personal whatever, right or wrong, you can't say all these things in front of bureaucracy sir. Media is here. If we allow this today, this is going to continue with us someone and then they grow on each other. One person has done it, the next one again will apologize and get away. The apology will cover up for the insults that she's gone through. That's not fair, sir. I'm sorry. I would not only get this off with an apology.

Mr. Chairman: I gave you the floor.

## Fateha

سینیٹر خالدہ اطیب: جناب چیئر مین! میں اسی حوالے سے آپ سے بات کرنا چاہ رہی ہوں کہ کتنا بڑا سانحہ ہوا ہے۔

جناب چیئر مین: سینیٹر نورالحق قادری صاحب! پہلے آپ دعا کروائیں، اس کے بعد بات کریں۔

(اس موقع پر سینیٹر نورالحق قادری نے ایوان میں فاتحہ پڑھی)

سینیٹر نورالحق قادری: جناب چیئر مین! میں دو تین منٹ تیراہ پر بھی بولنا چاہوں گا۔

جناب چیئر مین: جی سینیٹر خالدہ اطیب صاحبہ۔

**Point of Public Importance raised by Senator Khalida Ateeb regarding fire incident at Gul Plaza, Karachi**

سینیٹر خالدہ اطیب: شکریہ، جناب چیئرمین! ابھی دعا بھی ہوئی اور میرا یہ خیال تھا کہ ابھی اتنے بڑے سانحہ کے حوالے سے اس اجلاس کی ابتدا ہی اس سانحہ کے حوالے سے بات چیت اور دعا سے کرانی چاہیے تھی کیونکہ کراچی کے اس سانحہ میں ابھی تک آخری اطلاعات آنے تک 23-22 افراد کی ہلاکت ہو چکی ہے۔ 70 سے زیادہ لوگ لاپتہ ہیں۔ اب لاپتہ ہونے کا مقصد یہ ہے کہ وہ ملبے تلے دبے ہوئے ہیں۔ پورا پلازہ گر گیا، وہاں کوئی exit کا راستہ نہیں تھا، کسی قسم کی کوئی safety emergency وہاں پر موجود نہیں تھی۔ یہ کس کی ذمہ داری ہے۔ اگر یہ کہہ دیا جائے کہ fire brigade دیر سے پہنچا تو جس Building Authority نے اس عمارت کو بنانے کی اجازت دی، جہاں صرف 500 دکانوں کی جگہ تھی اور 1200 دکانیں قائم ہو گئیں، اس کا ذمہ دار کون ہے؟ کس کو اس پر نظر رکھنی چاہیے۔ ہمیں اس پر توجہ دینی چاہیے، صرف ایوان صدر میں بیٹھ کر اپنی کارکردگی کو highlight نہیں کرنا چاہیے، یہ نہیں بتانا چاہیے کہ ہماری کیا achievements ہیں۔ اپنی ان چیزوں پر بھی نظر رکھنی چاہیے کیونکہ یہ سانحات کا ایک تسلسل ہے جو ہوتا رہا ہے۔ 2022 سے 2023 میں بھی ہوا، میرے پاس تمام چیزیں موجود ہیں، اس سانحہ میں ابھی میں نے آپ کو بتایا کہ بیس سے زیادہ لوگ ہلاک ہو چکے ہیں اور ستر سے زیادہ missing ہیں، اس سے پہلے 2023 میں ایک R.J. Mall کا قصہ ہوا تھا، آپ کو پتا ہو گا کہ وہ بہت بڑا Mall تھا، جہاں پر بے تحاشہ نقصان ہوا، کروڑوں روپے کے املاک کو وہاں پر نقصان پہنچا۔ یہ کراچی کے وہ تجارتی hub ہیں جو بہت بڑی تعداد میں tax pay کرتے ہیں، اس سے ہمارا معاشی نقصان بھی ہو رہا ہے اس لیے ہمیں اس پر بہت توجہ دینی چاہیے کیونکہ وہاں پر نہ تو کسی قسم کے safety کے معاملات ہیں۔ اتنے بڑے بڑے Mall بنانے کی اجازت دی جاتی ہے تو وہاں پر کم از کم اس بات پر توجہ رکھنی چاہیے کہ وہاں پر وہ تمام چیزیں موجود ہیں جو اتنے بڑے کسی بھی Mall میں ہونی چاہیے۔ کھڑکیوں کو بھی A.C. کی وجہ سے بند کر دیا گیا اور وہاں سامان رکھ دیا گیا، وہاں پر grills لگا دی گئیں تاکہ لوگ ایمرجنسی میں بھی وہاں سے باہر نہ نکل سکیں۔

جناب چیئرمین! اسی طرح سے یوم عاشور دس محرم پر بولٹن مارکیٹ صدر میں ایک واقعہ ہوا تھا، جہاں بم دھماکے سے شر پسندوں نے فائدہ اٹھا کر دکانوں کا آگ لگا دی، جس میں کروڑوں

روپیوں کا نقصان ہوا، یہ واقعات ایک تسلسل کے ساتھ ہو رہے ہیں لیکن ہماری آنکھیں نہیں کھل رہی ہیں۔ یہ جو صدر کا واقعہ ہوا ہے اس میں 130 کے قریب لوگ ہلاک ہوئے۔ صدر کے واقعہ میں حیران کن حد تک نقصان ہوا وہ حیران کن حد تک تھا۔ کروڑوں روپے کا نقصان ہوا، وہاں پر بھی ایمرجنسی گیٹ نہیں تھے، کسی قسم کی safety کے کوئی معاملات نہیں تھے۔ وہاں پر بڑے بڑے Malls کو آگ لگا دی گئی، اس کا ذمہ دار کون ہے، ہم کس کو اس کی ذمہ داری سونپیں؟ اگر یہ کہا جائے کہ آگ لگی اور وہاں پر fire brigade دیر سے پہنچی، fire brigade دیر سے پہنچی لیکن اس سے پہلے یہ ذمہ داری حکومت پر عائد ہوتی ہے کہ اتنے بڑے بڑے Malls ہیں لیکن وہاں پر آپ نے ایسا کوئی check نہیں رکھا کہ وہاں پر safety کی چیزیں موجود ہیں یا نہیں ہیں کہ اگر وہاں پر کوئی سانحہ پیش آجائے تو ہم وہاں پر لوگوں کی جانیں کیسے بچا سکتے ہیں۔

اب یہ کہا جا رہا ہے کہ حکومت ان کے نقصان کا ازالہ کرے گی۔ جناب چیئرمین! زندگیوں کا ازالہ نہیں کیا جا سکتا، مرنے والوں کا ازالہ نہیں کیا جا سکتا ہے، جن لوگوں کا کاروبار تباہ ہوا ہے آپ ان کا ازالہ کریں گے تو کس چیز سے ازالہ کریں گے؟ انہی پیسوں سے ازالہ کریں گے جو funds کراچی کے لوگ دیتے ہیں، انہی پیسوں سے ان کے زخموں پر مرہم رکھیں گے جو ہم انہیں pay کرتے ہیں۔ میری شدت کے ساتھ یہ کہوں گی کہ کراچی اس وقت غم میں ڈوبا ہوا ہے، وہ بہت سوگ میں مبتلا ہے اور ہم یہاں پر Bill pass کرا رہے ہیں، ہم تقاریر کر رہے ہیں، ہم یہاں پر مختلف موضوعات پر بات کر رہے ہیں، ہماری priority یہ ہونی چاہیے کہ جو شہر 65/70% کے قریب وفاق کو اور 95% صوبے کو tax pay کرتا ہے وہ شہر آج غم اور سوگ میں مبتلا ہے، اس پر پہلے بات کی جائے۔

میں آپ سے پرزور مطالبہ کرتی ہوں کہ جب وفاق میں سندھ کے حوالے سے بات ہو سکتی ہے کہ ہم نے فلاں فلاں achievements کیں، سندھ حکومت کی کارکردگی یہ ہے، President House میں بیٹھ کر presentation دی جا سکتی ہے تو اس ایوان بالا میں بیٹھ کر میں کراچی کے حوالے سے بات کروں گی اور اس کا حل نکالنے کے لیے آپ سے پرزور اپیل کروں گی کہ اس کا حل صرف یہ نہ نکالا جائے کہ ہم ان کے نقصان کا ازالہ کریں گے، زندگیوں کا ازالہ نہیں کیا جا سکتا۔ میں اپنی بات کو اس شعر پر بہت غم اور افسوس کے ساتھ ختم کرتی ہوں کہ ہم صرف

اس بات کاانتظار کرتے ہیں اور کسی سانحہ سے کوئی سبق حاصل نہیں کرتے ہیں۔ جب تواتر کے ساتھ shopping Malls میں اس قسم کے واقعات ہو رہے ہیں تو ہماری آنکھیں کھل جانی چاہیے تھیں، حکومت کی آنکھیں کھل جانی چاہیے تھیں کہ کس کا نقصان ہو رہا ہے، یہ کراچی کے عوام کا نقصان ہو رہاہے جو tax payer ہیں۔ میں اپنی بات کو بہت ہی sensitive شعر کے ساتھ ختم کروں گی کہ :

آ فصیل شہر کو دیکھیں غنیم شہر کو
شہر جلتا ہو تو تجھ کو بام پر دیکھے گا کون
ہر کوئی اپنی ہوا میں مست پھرتا ہے یہاں
شہر ناپرساں میں تیری چشم تر دیکھے گا کون

جناب چیئرمین: جی وقار مہدی صاحب۔ وقار صاحب ایک منٹ پارلیمانی لیڈر صاحبہ بات کریں گی۔

**Senator Sherry Rehman**

سینیٹر شیری رحمان: شکریہ جناب چیئرمین! میں مختصر سی بات کروں گی کیونکہ کراچی کے حوالے سے بات ہو رہی ہے، میں اور سینیٹر وقار مہدی صاحب دونوں بات کرنا چاہ رہے تھے، میں نے ان سے request کی تھی کیونکہ وہ کراچی سے آئے ہیں۔ جناب بہت دلخراش واقعہ ہوا ہے اور سینیٹر صاحبہ نے صحیح مطالبہ کیا ہے کہ ہمیں پہلے ہی دعا کر لینی چاہیے تھی، اس بات پر انہوں نے ہمیں اچھی نشان دہی کرائی ہے۔ ابھی بھی آپ سے request کی تھی۔

جناب issue یہ ہے کہ میں سمجھتی ہوں کہ جان کا کوئی ازالہ نہیں ہے، ابھی جو خبر آئی ہے، جانوں کا تو کوئی ازالہ نہیں ہو سکتا ہے، ان کے خاندانوں کے ساتھ آپ جتنا بھی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کریں وہ کم ہی ہوتا ہے۔ میں سندھ کے حوالے سے مطلع کر دوں کہ جو ہماری سب سے recent reports آئیں کہ پوری سندھ حکومت متحرک ہے، وہاں پر وزیراعلیٰ پندرہ منٹ میں پہنچے ہیں، پوری سندھ حکومت وہاں پہنچی ہے۔ Fire brigade کو وہاں پہنچتے پہنچتے وقت لگا ہے کیونکہ وہاں پر مجمع اتنا زیادہ ہو گیا تھا، یہ گل پلازہ 8000 yards پر محیط ہے اور اس حوالے سے ہمارا ایک بہت دلیر fireman اس آگ سے لڑتے لڑتے شہید ہوا ہے۔

جناب اس حوالے سے جو شہادتیں ہوئی ہیں ان کے خاندانوں کے لیے وزیر اعلیٰ سندھ نے ایک کروڑ روپے announce کیے ہیں اور فوری طور پر سب کو طبّی امداد بھی دی جا رہی ہے، سب کچھ کیا جا رہا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے وہاں announce بھی کیا ہے چیئرمین صاحب کہ ایسی کمیٹی بنائی جائے جو ان چیزوں کا خیال رکھے۔ اب یہ اتنا بڑا پلازہ ہے، یہ private sector enterprise ہے اس کو روکنا نہیں چاہیے، چونکہ کراچی بہت بڑا ہے اور بے شک وہاں پر safety rules ضروری ہیں اور ان ضروریات کے حوالے سے اس گل پلازہ کی انتظامیہ سے بھی کوئی پوچھے کہ یہ کیسے ہوا ہے، وہ اسے run کرتے ہیں، میں کوئی excuses نہیں دے رہی ہوں، میں یہ کہہ رہی ہوں کہ یہ ہم سب کے لیے بہت بڑا سبق ہے، یہ بہت بڑا اور دلخراش سانحہ ہے لیکن انگلیاں اٹھانا کہ چیئرمین بلاول اپنی کارکردگی پیش نہ کریں، میں سمجھتی ہوں کہ اس وقت اس میں سیاست گھولنے کی ضرورت نہیں ہے۔ میں اس پر سیاست نہیں کھیلوں گی، صرف سندھ اور کراچی کے لیے نہیں بلکہ پورے پاکستان کے لیے یہ ایک بہت بڑا سانحہ ہے مگر اس وقت بھی ساری سندھ حکومت وہاں کھڑی ہوئی ہے۔ وہاں کے تاجر، وہاں اس پلازے کی جتنی administration ہے جو ان دکانوں اور اس پلازے کو چلا رہی تھی سب کو انہوں نے اس کمیٹی میں شامل کیا ہے تاکہ وہ اس پلازے کی safety and rebuilding کے لیے اور ان کی جو compensation ہے اس کے لیے سب کو اس کمیٹی میں include کیا ہے۔

ایم کیو ایم بھی وہاں ساتھ ہی بیٹھی ہے تو ان کا بھی ضرور حق اور ذمہ داری بنتی ہے، جس کا حق بنتا ہے اس کی ذمہ داری بھی بنتی ہے کہ وہاں آکر اس وقت جو بھی help ہو سکتی ہے وہ کریں لیکن میں افسوس سے کہوں گی کہ ہر چیز میں سیاست آ جاتی ہے، ہر چیز میں بر الگ جاتا ہے۔ اس وقت سندھ میں دنیا کے بہترین ہسپتال موجود ہیں۔ یہ وقت نہیں بار بار ان کے کہنے کا لیکن سارا ملک وہاں آ رہا ہے جیسے چیئرمین بلاول نے کہا اور وہاں صرف 50% سندھ کے لوگ علاج پا رہے ہیں۔ ہمارے دروازے کھلے ہیں تنقید کے لیے بھی اور امداد کے لیے بھی اور resources کے لیے بھی۔ میں اس وقت نہیں شروع ہونا چاہتی کہ کراچی کے وسائل کے ساتھ کیا ہو رہا ہے۔

جناب چیئرمین! میں اپنے فاضل سینیٹر جو ابھی کراچی سے آ رہے ہیں کیونکہ میں یہاں تھی ان کو بھی آپ کی اجازت سے ضرور موقع دلوانا چاہوں گی۔ میرا حق بنتا تھا اور ذمہ داری بھی کہ میں

اس پر نا صرف اظہار افسوس کروں بلکہ پورے houseکی طرف سے میں سمجھتی ہوں کہ اظہار افسوس ہے۔ بہت شکریہ۔

Mr. Chairman: Sarmad Ali *Sahib*. Yes please parliamentary leader.

(مداخلت)

جناب چیئرمین: ایسے نہیں ہے میں جانتا ہوں ان کو وہ میرے وزیر رہے ہیں۔

**Senator Syed Ali Zafar**

سینیٹر سید علی ظفر: سینیٹر شیری رحمان ٹھیک فرما رہی ہیں کہ اس موقع پر politicsنہیں کھیلنی چاہیے لیکن بدعنوانی کے نتائج ہوتے ہیں اور corruption نظر آتی ہے۔ میں نے کراچی میں بہت سارے مقدمے کیے ہیں بلکہ Supreme Court of Pakistanنے بھی ایک بار اس سارے معاملے کو۔۔۔

(اس موقع پر ایوان میں نماز مغرب کی اذان سنائی دی گئی)

سینیٹر سید علی ظفر: میں مختصر بات ہی کرنا چاہوں گا، corruption has its price. میں نے بہت سارے cases دیکھے ہیں اور سپریم کورٹ آف پاکستان نے کراچی کی جو building authorities تھیں ان کے بارے میں پوری investigationکرائی تھی۔ کراچی میں یہ ہو رہا ہے بلکہ نہ صرف کراچی شہر میں بلکہ پورے پاکستان کا یہ مسئلہ ہے کہ building bylawsاور جو قوانین ہیں وہ صرف کاغذ پر رہ جاتے ہیں۔ پہلی بات تو ہے کہ corruptionکی وجہ سے ایسے نقشے passہوتے ہیں جو کہ قانون کے مطابق نہیں ہوتے۔ ان میں نہ fire exitsہوتے ہیں، نہ اس buildingکی safety environmentہوتی ہے۔

دوسرا، جب وہ buildingبنتی ہے تو اس buildingکی supervision بھی بالکل نہیں ہوتی، وہ بھی corruptionکی نظر ہو جاتی ہے۔ یہ بار بار ہو رہا ہے کراچی شہر میں ہوا، لاہور میں ہوا، اس ملک کے باقی شہروں میں ہوا لیکن ہوتا یہی ہے کہ کچھ oppositionوالے تنقید کرتے ہیں، حکومت والے defend کرتے ہیں، وزرا یا وزرائے اعلیٰ اس جگہ پر پہنچ جاتے ہیں اور آ کر کہتے ہیں کہ بہت افسوس ہوا۔ خزانے سے پیسے نکال کر بھی دے دیتے ہیں کہ ایک کروڑ دو کروڑ

روپے دیے لیکن اس کا حل نہیں نکلتا، صرف بات ہو جاتی ہے کل کو سارے بھول جاتے ہیں۔ سینیٹ میں بھی debateہو جاتی ہے تو میں چاہوں گا کہ یہ ایک ایسا issueہے، building bylawsکی implementationکا یعنی ان پر عمل درآمد کرنے کا اور اس کے بعد جو نقصان کرتا ہے اس کو سر عام سزا ہونے کا۔ یہ دو اہم معاملات ہیں جن پر ہمیں غور و فکر کرنا چاہیے اور suggestionدینی چاہیے کہ اس کو ہم مستقبل کے لیے کس طرح روکیں۔ یہ میری درخواست ہو گی ابھی MQMکی Senator representativeنے بہت اچھی بات کی لیکن ساتھ میں ہمیں suggestionsبھی دینی چاہیں کہ اس کو ہم کس طرح روک سکتے ہیں۔ مجھے نظر یہ آتا ہے کہ provincial governmentکی نااہلی ہے لیکن ان کی طرف finger pointکرنے کا فائدہ نہیں ہے، مقصد صرف تب حل ہو گا اگر ہم اس کو روک سکیں۔ بہت شکریہ۔

(اس موقع پر میڈم پریذائیڈنگ آفیسر، سینیٹر شیری رحمان کرسی صدارت پر متمکن ہوئیں)

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: جی سینیٹر وقار مہدی۔ سب کو موقع دینا ہے، سب کو جی، آپ کی طرف آرہی ہوں۔

**Senator Syed Waqar Mehdi**

سینیٹر سید وقار مہدی: میڈم پریذائیڈنگ آفیسر! بہت شکریہ۔ میری فاضل ممبر صاحبہ نے یہاں بات کی تھی، دیگر لوگوں نے بھی بات کی ہے۔ کراچی شہر میں ہفتے کی شب M.A. Jinnah road Gull Plazaپر جو سانحہ رونما ہوا اس حوالے سے یہ انتہائی افسوس ناک، انتہائی کرب ناک، انتہائی دل خراش واقع ہے۔ جس میں ہمارے معصوم لوگوں کی قیمتیں جانیں بھی چلی گئیں اور وہاں پر تقریباً1200کے قریب جو دکانیں تھیں وہ جل کر خاک ہو گئیں۔ یہ واقعہ ہفتے کے روز رات دس بج کر دس منٹ پر reportہوا ہےاور جس طرح جس وقت اس plazaسے fire brigadeکوcallکی گئی ہے۔ پندرہ سے بیس منٹ کے اندر fire brigadeنےوہاں respondکیا ہے،Rescue 1122نےrespondکیا ہے اور وہ وہاں پر پہنچے ہیں۔ پولیس فوری طور پر پہنچی ہے، rangersفوری طور پر پہنچے ہیں، انتظامیہ وہاں پہنچی ہے اور آگ بجھانے کا عمل شروع کیا گیا۔

ایم۔اے جناح روڈ پر چونکہ green line کا کام بھی چل رہا ہے جو کہ federal government کا project ہے۔ جس کی وجہ سے وہ road تھوڑی تنگ ہے اور وہاں پر لوگوں کا اتنا بڑا ہجوم جمع ہو گیا تھا کیونکہ پیچھے آبادی بھی کافی زیادہ ہے۔ وہ سب آ گئے تھے جس کی وجہ سے fire brigade کی گاڑیوں کو move کرنے میں مشکل پیش آئی۔ وہاں پر بیس fire tender, آٹھ کے قریب water bowsers, snorkel یہ تمام machineries وہاں پر موجود تھیں۔ وہاں پر تمام ambulances موجود تھیں جو حکومت کی machinery تھی وہ بھی وہاں موجود تھی۔ وہاں پر جب آگ بجھانے کا عمل شروع کیا گیا تو ایک تاجر دوست نے بتایا ان کا نام تنویر پاستا ہے کہ آگ پہلے ایک artificial flower shop میں لگی۔ جس کے بعد یہ آگے پھیلتی گئی انہوں نے اپنے طور پر آگ بجھانے کی کوشش کی لیکن آگ آگے کی جانب دوسری دکانوں میں پھیل گئی۔ اس میں fire brigade کا ایک fire man بھی شہید ہوا ہے۔ Fire brigade نے بھرپور کوشش کی ہے اب مسئلہ یہ ہے کہ وہ جو building بنی ہے وہ 90's کی دہائی میں بنی تھی اور اس کے اندر کوئی 900 کے قریب دکانیں نقشے کے مطابق approved تھیں لیکن اس میں 250 کے قریب ناجائز دکانیں بھی بنائی گئیں۔ وہاں جو انتظامیہ بیٹھی ہوئی ہے یہ جو بات یہاں کی گئی ہے grill کے حوالے سے اس کو وہاں کی جو union ہے انہوں نے وہ grill بند کی تھی، انہوں نے ہی وہاں پر وہ راستے بند کیے تھے۔ اس کے بعد 2003 یا 2004 کے اندر اس کا جو completion certificate ہے وہ بھی اس وقت جاری کیا گیا جب وہاں پر ارباب رحیم کی اور مہر صاحب کی حکومت تھی۔

میں آپ کو بتاتا چلوں کہ جتنے بھی وہاں پر زخمی اور متاثرین تھے ان کو جب civil hospital and trauma centre لایا گیا۔ ان سب کو فوری طبّی امداد دی گئی اور چار یا پانچ گھنٹوں کے بعد ان کو گھر روانہ کر دیا گیا، ان کو stable کیا گیا۔ یہ آگ کل رات گئے تک وہاں پر جلتی رہی ہے جس کو بجھانے کی بھرپور کوشش کی گئی ہے۔ اب وہاں cooling کا عمل جاری ہے۔ وزیر اعلیٰ سندھ نے، صوبائی وزرا نے، مشیروں نے، Mayor Karachi نے وہاں پر دورے بھی کیے اور صورت حال کا جائزہ بھی لیا۔ آج وزیر اعلیٰ سندھ نے Chief Minister House کے اندر کراچی چیمبر آف کامرس کے تاجروں اور انتظامیہ کے ساتھ ایک بھرپور میٹنگ کی ہے۔ وہاں پر

اقدامات کے حوالے سے فیصلے کیے گئے ہیں اور ایک inquiry committee بنائی گئی ہے جو کہ تحقیقات کرے گی کہ آگ لگنے کی وجوہات کیا ہو سکتی ہیں اور اس میں اگر کوئی اور عنصر سامنے آئے تو اس کے خلاف ایکشن بھی لیا جائے۔ کراچی چیمبر کے تاجر رہنما جاوید بلوانی صاحب جو کہ وہاں شریک تھے، انہوں نے وزیراعلیٰ سندھ کے اقدامات اور ان کی باتوں سے agree کیا ہے اور انہوں نے کہا ہے کہ ہم حکومت کے ساتھ تعاون کریں گے۔ اس سے قبل میری بہن نے Bolton market کے سانحے کا ذکر کیا تھا جو کہ عاشورہ محرم کے دن پیش آیا تھا وہ بھی ایک سازش کے تحت اس کو آگ لگائی گئی تھی اور وہاں ایک بم دھماکہ ہوا تھا جس میں ہمارے کئی درجن لوگوں نے جام شہادت نوش کیا تھا۔ حکومت سندھ نے اس وقت بھی پوری Bolton market کو تعمیر کیا۔ تاجر رہنماؤں کے ساتھ اجلاس کئے۔ جیسا انہوں نے کہا ان کو compensate بھی کیا اور ان کا جو نقصان ہوا تھا اس کا ازالہ بھی کیا تھا۔ ظاہری بات ہے جان کا کوئی نعم البدل نہیں ہے۔ لیکن حکومت سندھ نے اس سانحے میں جو شہید ہونے والے ہیں ان کے لیے ایک ایک کروڑ روپے کی امداد کا اعلان کیا ہے۔ حکومت سندھ کی بھرپور توجہ ہے۔ ہم اس کا fire audit بھی کروا رہے ہیں۔ ہم اس کے جو بھی precautionary measures ہوتے ہیں وہ اپنائیں گے لیکن اس کے ساتھ ساتھ جو مارکیٹ کی ایسوسی ایشن ہے اور دکانیں ہیں ان کو بھی چاہیے کہ وہ بھی اس کی safety کا خیال رکھیں اور وہاں پر جو emergency exit ہوتا ہے اس کا بھی خیال رکھیں۔ میں یقین دہانی کرواتا ہوں حکومت سندھ کی جانب سے کہ ان کے ساتھ بھرپور cooperate کریں گے اور ہر قسم کے نقصان کا ازالہ بھی کریں گے۔ بہت شکریہ۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ سینیٹر کامران مرتضیٰ کا Mic on تھا۔ گزارش ہے کیونکہ تھوڑا سا business بھی رہتا ہے، اگر آپ مختصر کر لیں۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ: جی، جب میری باری آتی ہے تو ہمیشہ ایسے ہی ہوتا ہے۔ ویسے بھی مائیک خراب ہے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: نہیں نہیں کیجیے، بات کیجیے، شروع کیجیے۔

**Senator Kamran Murtaza**

سینیٹر کامران مرتضیٰ: مائیک خراب ہے۔ ویسے ہی وہ blink کرتا رہتا ہے اس کے بعد دوسروں کی باری آتی رہتی ہے۔ مجھے اس پر کوئی گلہ نہیں ہے۔ جس وقت میں نے Mic on کیا تھا اور جب سے blink کر رہا ہے اس وقت میرا خیال ہے کوئی بھی Mic on نہیں تھا۔ اس کے بعد دس ممبران کو بولنے کا موقع دیا گیا۔

میں اسی گل پلازہ والے معاملے پر بات کرنا چاہ رہا تھا۔ گل پلازہ میں جو واقعہ ہوا ہے، میڈم چیئرپرسن اور باقی ممبران جنہوں نے بات کی ہے۔ جب آپ یہاں پر بیٹھی تھیں تو اس سے مجھے اندازہ ہوا کہ گل پلازہ میں آگ لگی وہ آگ اس لیے لگی کہ انہوں نے یہاں پر دعا کروانی تھی یا اس لیے آگ لگی کہ اس کے بعد ان کو ایک کروڑ روپیہ چاہیے تھا یا اس لیے آگ لگی کہ انہوں نے وہ پلازہ دوبارہ بنوانا تھا اور اب جہاں جہاں بھی اس طرح کے واقعات ہوں وہ یقیناً دعا کے مستحق ہوں گے یا اس کے بعد ایک کروڑ کے لیے وہاں پر لوگوں کو اکٹھا کر دیا جائے گا تاکہ ان کو کسی طرح سے کوئی compensation مل جائے یا اس کے بعد ان کی وہ پرانی دکانیں نئی ہو جائیں۔ ایک بات کی گئی کہ completion certificate اس کو مل گیا تھا اور اس وقت فلاں کی حکومت تھی مگر دکانیں وہاں پر نو سو تھیں اور اس کے بعد تقریباً اڑھائی سو دکانیں مزید بنا دی گئیں۔ تو کیا اس کے بعد جتنی حکومتیں آئیں تو میرا خیال ہے کہ ان کی نظر کی کوئی خرابی تھی کہ جس سے ان کو وہ اڑھائی سو مستقل اور مسلسل بنی ہوئی دکانیں نظر نہیں آئیں۔ میڈم! ایسا ہوتا ہے کہ جس وقت کوئی plaza بنتا ہے یا کوئی بڑی building بنتی ہیں تو اس وقت اس کے building plan کو دیکھا جاتا ہے کہ اگر خدانخواستہ کوئی حادثہ پیش آ گیا، کوئی زلزلہ ہے، کوئی آگ ہے یا کوئی اور ہے تو اس وقت اس کو کس طرح سے deal کیا جائے گا۔ یہ ساری چیزیں نہ اس وقت deal کی گئیں، نہ اس کے بعد کبھی ہوئیں اور یہ صرف کراچی کا مسئلہ نہیں ہے۔ کراچی کا مسئلہ تو بتایا، میری بہن نے بھی بتایا، بھائیوں نے بھی بتایا، جو اس طرف ہیں انہوں نے اس کے against بات کی، جو اس طرف ہیں انہوں نے اس کے حق میں بات کی کہ نہیں جی ان کو ایک کروڑ روپیہ چاہیے تھا اس لیے انہوں نے جا کر یہ شہادتیں دی ہیں۔ ادہر اسلام آباد میں بھی ہم نے شروع کر دیا۔ بڑی بڑی buildings بنتی ہیں، تو کبھی کسی نے سوچا ہے کہ یہ اتنی بڑی بڑی buildings بنتی ہیں تو اس میں خدانخواستہ کوئی واقعہ ہو

جائے تو اس کے بعد پھر کیا ہوگا؟ کیا ان کے پاس کوئی ایسا equipment موجود ہے کہ کل خدانخواستہ زلزلہ آ جاتا ہے کسی اور شہر یا علاقے میں اور اس کے نتیجے میں کوئی casualties ہوتی ہیں تو پھر کیا کریں گے۔ ہمارے پاس اس قسم کا کوئی plan موجود نہیں ہے۔ جب آپ کے پاس کوئی plan موجود نہیں ہوتا تو پھر دوا نہیں ہوتی صرف دعا ہوتی ہے۔ دعا جو ہے وہ بہت آسان کام ہے گو کہ دوا کے ساتھ ساتھ دعا ضروری ہوتی ہے کیونکہ یہ تکبر سے روکتی ہے۔ یہ اللہ پاک کی مدد کی ایک استدعا ہوتی ہے مگر اس طرح خالی آپ دعائیں کریں اور دوائیں نہ ہوں تو پھر اس طرح کے حادثات نہیں رکیں گے۔ حادثات کے درمیان جو وقفہ ہے یہ ہماری قسمت پر ہے کہ وہ وقفہ لمبا ہو جائے یا وہ وقفہ چھوٹا ہو جائے، مگر اس طرح سے معاملات درست نہیں ہوں گے۔ ہم کو اپنے آپ پر الزام لینا ہوگا، ہر شہر میں لینا ہوگا اور ہر شہر میں اس کی درستی ہونی چاہئے۔ یہ جس کو negligence کہہ رہے ہیں، تو یہ simple just a negligence نہیں ہے، یہ criminal negligence ہے۔ مجرمانہ غفلت کے لیے مقدمات درج ہونے چاہئیں۔ اس کے لیے لوگوں پر liability fix ہونی چاہیے۔ اگر وہ liability آپ fix نہیں کریں گے، پھر خدا نخواستہ کسی اور شہر میں، کسی اور صوبے میں، کسی اور جگہ پر اسی طرح کا واقعہ ہوگا۔ ہم سارے بڑے خشوع و خضوع کے ساتھ اس کے لیے دعا کریں گے۔ پھر پتا نہیں اللہ میاں اس کے ساتھ کیا سلوک کریں گے، مگر جو اس کے ذمہ دار ہیں ان کے ساتھ ہم کوئی اچھا یا برا سلوک نہیں کر سکے۔ ان کو کٹہرے میں نہیں لا سکے۔ جب تک آپ اپنا کام پورا نہیں کریں گے، اس کے بعد اللہ سے دعا کرنا ضروری ہو جاتا ہے مگر بغیر اپنا کام مکمل کیے دعا کا کوئی فائدہ نہیں ہوا کرتا۔ شکریہ۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ سینیٹر صاحب۔ اب کافی دیر سے مجھے list ملی ہوئی ہے۔ اس میں سینیٹر نورالحق قادری کا اس وقت نام ہے۔

(مداخلت)

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: مجھے چیئرمین سینیٹ جو list دے کر گئے ہیں میں اس پر کر رہی ہوں۔ شکریہ۔

**Senator Noor Ul Haq Qadri**

سینیٹر نورالحق قادری: محترمہ چیئرپرسن صاحبہ! شکریہ۔ ہم نے بھی شروع سے مائیک کا بٹن دبایا تھا کیونکہ تیراہ کا آپریشن شروع ہونے والا ہے یا شروع ہو چکا ہے۔ ایمل ولی خان نے اس کی طرف نشان دہی کی اور میں گزارش کروں گا کہ کراچی میں جو سانحہ ہوا ہے۔ وہاں تو آگ لگ گئی short circuit کی وجہ سے یا کسی انسانی غلطی کی وجہ سے۔ تیراہ کے علاقے میں آگ لگائی جا رہی ہے اور وہاں سے ایک بہت بڑے larger scale پر سینکڑوں مربع کلومیٹر کے area کو ایک plan کے ذریعے سے وہاں سے نکالا جا رہا ہے اور operation کے نام پر جو عمل شروع ہے۔ قانون کا تقاضا یہ ہے کہ صوبائی حکومت کو on board لیا جائے۔ صوبائی حکومت سے، خیبر پختونخوا کی حکومت کے ساتھ اس حوالے سے کوئی مشاورت نہیں کی گئی اور وہاں پر جو منظر دیکھے جا رہے ہیں۔ تیراہ کے اکثریتی علاقے میں آج کل درجہ حرارت نقطہ انجماد سے نیچے ہے اور راستے میں بچوں اور خواتین کی ہلاکتیں ہو رہی ہیں اور شہادتیں ہو رہی ہیں۔ صوبائی حکومت کے وزیراعلیٰ خود تین مرتبہ اس area میں گئے ہیں۔ کراچی کا حال احوال بھی پتا کرنا ضروری ہوتا ہے۔ کراچی میں جو کچھ ہو رہا ہے اور لاہور میں جو کچھ ہو رہا ہے۔ لیکن ادھر چلے گئے، public capacity میں parliamentarians کے ساتھ چلے گئے۔ ہمارے یہاں ایک سینیٹر ہیں مرزا آفریدی صاحب، اس کا گھر اس area کے قریب ہے۔ وہاں پر اس نے ہزاروں لوگوں کو جو بے گھر ہو گئے ہیں ان کو پناہ دی ہے۔ ان کے کھانے پینے، راشن اور دوائیوں کا انتظام کر رہے ہیں۔ صوبائی حکومت کا جو بس ہے، جتنی استطاعت ہے وہ کر رہے ہیں، لیکن NDMA کدھر ہے؟ وفاقی حکومت کے ادارے کدھر ہیں؟ اور یہ روز بروز جو operations کا ڈرامہ رچایا جا رہا ہے، ہم دہشت گردی کے کسی بھی نوع اور قسم کے خلاف ہیں۔ ہم وہ لوگ ہیں، جو ہمارے سیکورٹی فورسز پر حملہ کرتے ہیں ان کو پاکستان کا دشمن سمجھتے ہیں۔ پاکستان کا سبز ہلالی پرچم ہمارے لیے سب کچھ ہے لیکن ایسا نہیں کہ دہشت گردی کے نام پر پورے علاقے کو تباہ و برباد کرکے وہاں پر وحشت اور خوف پھیلایا جائے اور وہاں کے امن کو تہس نہس کیا جائے۔ اس پر مذاق تو یہ ہے کہ وہاں پر اینکرز کو لے جایا گیا، وہاں پر ان اینکرز سے interview کروایا گیا کہ یہ علاقہ افیون کا ہے، چرس کا ہے، بھنگ کا ہے۔ ایک طرف مار رہے ہو اور دوسری طرف اس علاقے کے لوگوں کو جو کسمپرسی میں اپنے گھر چھوڑ رہے ہیں، آج گھر چھوڑتے

ہیں تو دو سال بعد operation ہوتا ہے، تین سال بعد پھر operation ہے، آخر آپ کیا کرنا چاہتے ہیں؟ اگر پاکستان خیبر سے کراچی تک ہے تو جو قانون کراچی اور لاہور کے لیے ہے، وہی خیبر پختونخوا کے لوگوں کے لیے بھی ہونا چاہیے۔ وہ حقوق جو کراچی اور لاہور کے بچوں کو حاصل ہیں، وہ خیبر کے بچوں کو بھی حاصل ہونے چاہیئں۔

اس حوالے سے میں گزارش کروں گا، ہمارے سینیٹر صاحب نے تیراہ پر بات کی تو 804 یاد آ گئے۔ پتا نہیں اس سسٹم کے اعصاب پر 804 کیوں سوار ہے۔ یہ 804 کی بات نہیں ہے، یہ انسانیت کی بات ہے، وہاں کے بچوں کی بات ہے، وہاں کی خواتین کی بات ہے۔ میں گزارش کروں گا کہ وفاقی حکومت alert ہو جائے اور اس حوالے سے اگر آپ نے operation مسلط کر دیا ہے اور لوگوں کو ذلیل کرنے کا ٹھیکا لیا ہوا ہے تو جا کر کچھ خدمت بھی کر لیں۔ شکریہ۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ مہربانی فرما کر اپنی تقاریر limit کیجیے کیونکہ سب ممبرز نے بولنا ہے۔ سینیٹر سرمد علی صاحب۔

**<u>Senator Sarmad Ali</u>**

سینیٹر سرمد علی: میڈم پریذائیڈنگ آفیسر! شکریہ۔ میرا تعلق چونکہ کراچی سے ہے تو obviously کراچی میں جو سانحہ ہوا ہے، اس کا جتنا دکھ کراچی والوں کو ہوگا، شاید ہی کسی اور کو ہو۔ جتنا سندھ کے لوگوں کو دکھ ہوگا، شاید ہی کسی کو ہو لیکن اصل مسئلہ یہ ہے کہ ہم نہیں چاہتے کہ الزام تراشی اور political scoring کے علاوہ کچھ ہو۔ ابھی علی ظفر صاحب نے بھی کہا اور کامران مرتضیٰ صاحب نے بھی کہا کہ یہ صرف کراچی کا معاملہ نہیں ہے، پورے پاکستان کا معاملہ ہے۔ ہر جگہ جہاں پر نقشے بنتے ہیں، پیسے دے کر نقشے pass کرا لیے جاتے ہیں اور کچھ پتا نہیں ہوتا کہ نقشے کتنے ہیں۔ اگر ہم گل پلازہ ہی کی بات کریں تو یہاں پر 1,021 دکانوں کا نقشہ pass ہوا تھا۔ اس میں 179 اضافی دکانیں اس میں add کی گئیں۔ جو راہداری تھی یا basement میں parking space تھی، اس میں یہ دکانیں بنا دی گئیں۔ جو جگہ basement میں پارکنگ کے لیے مختص تھی، اس کو اٹھا کر چھت پر لے جایا گیا۔ یہ منصوبہ 90s کا تھا۔ سال 1998 میں اس کی completion ہوئی تھی اور جو additional floor and shops تھیں، وہ

1998 میں بننا شروع ہوئی تھیں۔ سال 2003 میں ان extra shops کو KMC اور سندھ حکومت نے regularize کیا تھا۔

اصل میں سوچنے کی بات یہ ہے کہ جو چیزیں illegal بنتی ہیں، ان کو regularize کیوں کر دیا جاتا ہے؟ اس وقت ضرورت یہ ہے کہ کراچی کی جتنی پرانی عمارتیں ہیں، جو 90s کی ہیں، 80s کی ہیں، 2000 کی دہائی میں بنی ہیں، ان سب کا برا حال ہے۔ Rimpa Plaza ہو، Glass Tower ہو، جو بھی buildings ہیں، ان کا برا حال ہے۔ وہاں اندر جائیں تو دم گھٹتا ہے، سانس گھٹتا ہے، وہاں جاکر آپ کو سمجھ نہیں آتی کہ آپ کہاں جارہے ہیں۔ ان تمام buildings کو review کرنے کی ضرورت ہے کہ ان کا حال کیا ہے اور وہاں پر کیا کیا جاسکتا ہے۔ ہر عمارت کے لیے fire exit, mandatory ہونا چاہیے جو کہ پچھلے دس پندرہ سالوں میں بننے والی عمارتوں کے علاوہ اس وقت شاذ و نادر ہی کسی عمارت میں ہو۔ کوئی fire extinguishers نہیں ہیں۔ ایک زمانے میں ہم دیکھا کرتے تھے کہ ہر building میں لگے ہوتے تھے، اب وہ کوئی رکھتا ہی نہیں ہے۔ وہ سب ختم ہوگئے ہیں۔ دکان داروں کی ایسوسی ایشن کے چیئرمین نے کہا کہ ہم نے fire extinguisher رکھے ہوئے تھے، حقیقت یہ ہے کہ کچھ نہیں تھا، صرف بالٹیاں تھیں جن کے اندر ریت تھی۔ اس کے علاوہ کچھ نہیں تھا جو ڈالا گیا۔ لٰہذا، ان تمام چیزوں کو دیکھنے کی ضرورت ہے۔ جتنی اس قسم کی چیزیں ہیں، کہا جارہا ہے کہ ایکشن لیں، کیا ایکشن لیں گے، جو 2003 میں بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی میں افسران تھے، وہ تو ریٹائر ہوگئے ہوں گے، کچھ ان میں سے اوپر اللہ میاں کے پاس چلے گئے ہوں گے۔ جو حکومت کے وزرا تھے، وہ بھی پتا نہیں کون ہوں گے اور اس وقت کہاں ہوں گے۔ لٰہذا، ان معاملات کے اوپر ہمیں سوچنے کی ضرورت ہے تاکہ آئندہ یہ چیزیں نہ ہوں۔ پیچھے تو جو ہوگیا، سو ہوگیا، آگے یہ چیزیں نہ ہوں۔ شکریہ۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ اب میں past speakers کو دوں گی، میں ابھی سے بتا رہی ہوں، next سینیٹر عون عباس ہیں۔ اس کے بعد سینیٹر عابد شیر علی ہیں، اس کے بعد سینیٹر دنیش، پھر سینیٹر روبینہ خالد اور سینیٹر مشال۔ I am going by the book here. اس کے بعد آپ کو دے رہی ہوں۔ ہم لسٹ کے مطابق چل رہے ہیں۔ اس کے بعد بزنس لینا ہے۔

## Point of public importance raised by Senator Aon Abbas regarding impending wheat crisis in the country

سینیٹر عون عباس: اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ میڈم! اس سے پہلے کہ میں اپنی بات کروں، میں ایک چیز یاد کرادوں کہ آج عمران خان صاحب کو قیدِ تنہائی میں تقریباً ساڑھے تین مہینے ہو چکے ہیں، میں اس جیل کی بات نہیں کر رہا، اس کو تو اڑھائی سال ہو چکے ہیں لیکن عمران خان صاحب سے ان کی فیملی اور وکلا کی ملاقات کو تقریباً ساڑھے تین مہینے ہو چکے ہیں۔ میڈم! باور یہ کرانا ہے کہ وقت گزر جائے گا، یہ یادیں رہ جائیں گی۔ یہ ساڑھے تین مہینے کی جو گھڑی چل رہی ہے، یہ ان شاء اللہ، ہمارے سینے میں اور ہمارے دلوں پر لکھی جا رہی ہے۔ اللہ نہ کرے وہ وقت آئے جب یہ ساڑھے تین مہینے ہمیں اس وقت یاد رہیں لیکن نظام کو یہ یاد رکھنا چاہیے کہ سینے میں ہمارے جو زخم ہے، ہمیں ابھی تک یاد ہے۔

میڈم! یقیناً گل پلازہ کا ایشو بہت بڑا سانحہ ہے، تیراہ آپریشن بھی بہت بڑا سانحہ ہے لیکن اس سے بڑا ایک national crisis جو اس وقت پاکستان میں آ رہا ہے، وہ گندم کا بحران ہے۔ میں نے آج سے تقریباً کوئی دس مہینے پہلے، مارچ 2025 میں ایک تقریر کی تھی اور اس وقت میں نے حکومتِ پنجاب پر تنقید کی تھی کہ آپ اس وقت پنجاب کے کسانوں سے گندم purchase نہیں کر رہے، اس کی وجہ سے ایک crisis آئے گا۔ ہوا یہ کہ اپریل میں جس وقت گندم آئی تھی، اس وقت حکومتِ پنجاب نے گندم لینے سے انکار کر دیا۔ اس وقت کسانوں نے دو ہزار روپے من کے حساب سے اپنی گندم بیچ دی۔ پورے پنجاب کے کسان لٹ گئے، برباد ہوئے لیکن حکومتِ پنجاب نے ایک بوری گندم کی purchase نہیں کی۔ اس کا آج نقصان کیا ہوا ہے؟ اس کے ساتھ alternative کیا کیا۔ انہوں نے private investors کو allow کر دیا کہ آپ گندم stock کر لیں۔ حکومت گندم stock نہیں کرے گی، فلور ملز کے علاوہ private investors stock کریں گے۔ ان کو بینک سے limit بھی دے دی اور majority private investors حکومتی بینچوں پر بیٹھے لوگوں کے رشتہ دار تھے۔ ان کو allow کر دیا۔ انہوں نے حکومتِ پنجاب سے کم از کم دوگنا زیادہ گندم stock کر لی۔ میڈم پریذائیڈنگ آفیسر! اس کا نقصان کیا ہوا؟ آج پہلی جنوری 2026 کو اس وقت پنجاب میں گندم کا ریٹ پانچ ہزار روپے من ہو چکا ہے۔ یعنی کسان کو دو ہزار روپے من ملے تھے لیکن جس investor نے، اس حکومت کے جو

منظورِ نظر افراد تھے، جنہوں نے گندم stock کی تھی، آج پانچ ہزار روپے من کے حساب سے گندم بیچ رہے ہیں۔ پنجاب میں آٹا 6,100 روپے من کے حساب سے بک رہا ہے۔

اوپر سے، سب سے بڑا ظلم یہ ہے کہ انہوں نے خیبر پختونخوا پر اور بلوچستان پر پابندی لگا دی ہے کہ پنجاب سے گندم اور آٹا دونوں نہیں جا سکتے۔ اس وقت خیبر پختونخوا میں گندم کا ریٹ 6,200 روپے ہے جبکہ 7,000 روپے من کے حساب سے آٹا بک رہا ہے۔ بلوچستان میں گندم 6,500 روپے من جبکہ آٹا 7,200 روپے من پر فروخت ہو رہا ہے۔ یہ کون سا پنجاب ہے، یہ کون سا نظام ہے، یہ کون سی فیڈریشن ہے کہ جس میں جو چیز آپ کے اُگتی ہے، آپ دوسرے صوبوں کے لیے روک لیتے ہیں۔ آپ نے تو 14 روپے روٹی کا نعرہ مارا تھا لیکن حقیقت یہ ہے کہ آج پنجاب میں 32 روپے کے حساب سے روٹی بک رہی ہے۔ یعنی جتنا نفع تھا، وہ سارا آپ کی جیب میں چلا گیا۔ آپ کے منظور نظر افراد جنہوں نے گندم stock کی، ان کی جیب میں چلا گیا۔ حکومت نے گندم stock نہیں کی، کسان لٹ گیا لیکن آپ کی سستی روٹی کا خواب پورا نہیں ہو سکا۔

اس وقت سب سے بڑا crisis پنجاب میں ہے کہ گندم available نہیں ہے، آٹا نہیں مل رہا، دکانوں پر بہت shortage ہو چکی ہے۔ آپ سو صفائیاں کر لیں، صاف ستھرا پنجاب کر لیں، آپ CTD سے بندے مروا لیں، آپ تجاوزات کے نام پر لوگوں سے گھر چھین لیں، ان کی دکانیں گرا دیں لیکن اس سے لوگوں کا پیٹ نہیں بھر سکتا۔ پنجاب کے عوام، خیبر پختونخوا کے عوام، بلوچستان کے عوام جھولیاں اٹھا کر آج حکومت پنجاب کو بد دعائیں دے رہے ہیں۔ اس کا سب سے بڑا نقصان کیا ہوگا؟ آپ کی پالیسی کی وجہ سے اس وقت پنجاب میں لوگوں نے گندم کاشت نہیں کی۔ ایک تو سیلاب آ گیا، اوپر سے۔۔۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر صاحب! آپ conclude کیجیے مگر میں صرف ایک بات کہنا چاہوں گی کہ منسٹر کو یہ باتیں سننی چاہییں۔ میں سیکرٹریٹ سے کہتی ہوں کہ please انہیں بلائیے۔ بلائیں ان کو۔

سینیٹر عون عباس: میڈم! مزے کی بات یہ ہے کہ اس وقت گندم کاشت ہی نہیں کی گئی۔ سب سے بڑا crisis یہ ہے کہ اپریل میں حکومت پنجاب نے گندم purchase کیا کرنی ہے، گندم موجود ہی نہیں، گندم کاشت ہی نہیں ہوئی۔ اس سے بڑا crisis اگلے سال آنے والا ہے۔ یہ نہ

import کر سکیں گے، نہ ان کے پاس گندم ہے، اگلے سال پاکستان خشک سالی میں جانے والا ہے، اگلے سال گندم کا قحط پڑنے والا ہے۔ ان لوگوں کی وجہ سے، اگر میڈم اس پر کوئی نوٹس کر سکیں۔

Madam Presiding Officer: Thank you, you made your point very powerfully. Senator Abid Sher Ali, we have three, three minutes,

اس کے بعد ہم نے business شروع کرنا ہے۔ وزرا lobby میں بیٹھے ہیں، وہ آ جائیں، جس نے نماز پڑھ لی ہے، وہ اندر آ جائے۔ جی۔

**Maiden Speech by Senator Abid Sher Ali**

سینیٹر عابد شیر علی: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ میڈم شکریہ، آپ نے مجھے ایک گھنٹے بعد بولنے کا موقع دیا۔ میں چند باتیں جو میرے بھائی ایمل ولی صاحب نے کیں، مجھے سمجھ نہیں آیا کہ وہ فوج کے operation کے حق میں بات کر رہے تھے یا مخالفت میں بات کر رہے تھے۔ میڈم! پی ٹی آئی کی حکومت کو KP میں تیرہ، چودہ سال ہو گئے ہیں KP میں حکومت کرتے ہوئے، اور ان کے اراکین، ان کے وزیر اعلیٰ، ان کی پوری جماعت، اپنے صوبے کے امن و عامہ کو چھوڑ کر ایک قیدی کے معاملات کو دیکھنے کے لیے، صوبے کے پورے وسائل ایک آدمی کے لیے وقف کرکے رکھ دیے ہیں۔ 14 سال میں یہ بتانا پسند کریں گے کہ جب APS کا واقعہ ہوتا ہے تو اس وقت بھی KP میں PTI کی حکومت ہوتی ہے، جب ہماری مسلح افواج اور security پر حملہ ہوتا ہے تو وہاں ان کی حکومت ہوتی ہے، اگر کسی political leader کی دہشت گردی میں assassination ہوتی ہے تو اس وقت بھی وہاں حکومت PTI کی ہوتی ہے۔ میڈم چیئرپرسن! Nation Action Plan کے تحت تمام صوبوں کو یکساں بنیادوں پر funds دیے گئے، آپ کے توسط سے میرا سوال ان حکمرانوں سے ہے جو تیرہ، چودہ سالوں میں KP کے اندر امن قائم نہیں کر سکے۔ آپ کا وزیر اعلیٰ tool plaza Peshawar سے شروع ہوتا ہے، وہ marathon لگاتا ہے اور اسلام آباد، اڈیالہ جیل کے پاس اس کی marathon ختم ہو جاتی ہے۔ وہ پھر دوڑتا ہے اور پنجاب اسمبلی چلا جاتا ہے، وہاں سے سندھ میں جا کر تماشہ لگانا شروع کر دیتا ہے۔ کیا وہ جواب دینا پسند کریں گے کہ KP کے عوام جو دہشت گردی کی بھینٹ چڑھ گئے، ایک عام آدمی پشاور میں شام پانچ بجے کے بعد سکھ کا سانس نہیں لے سکتا اور ان کے وزیر اعلیٰ اپنے escort کے ساتھ پورے پاکستان کا چکر کاٹتے پھرتے ہیں جیسے funds

ان کے گھر سے آئے ہیں۔ کیا وہ پاکستان کے عوام کے funds نہیں ہیں؟ یہ جواب دینا پسند کریں گے کہ اگر دہشت گرد افغانستان کی territory سے آ کر ہماری فوج پر حملہ کرتا ہے تو یہ اس کے حق میں بیان دیتے ہیں، کیا ان کو جواب دہ نہیں ہونا چاہیے کیا ملک، میرے منہ سے پھر وہ بات نکل جائے گی، ان کی [xxx] سننے کے لیے نہیں ہے کہ یہاں بیٹھ کر یہ تمام political leadership کو گالیاں دیں۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر عابد شیر علی: میڈم! میں نے آپ کو بات نہیں کی، آپ چپ کرکے میری بات سنیں، جب آپ بات کر رہی تھیں، میں نہیں بولا، آپ ابھی مجھے جانتی نہیں ہیں۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: لفظ [2] [***] کو حذف کر دیں۔ اب یہ لفظ کوئی use نہیں کرے گا، سینیٹر صاحب! آپ کی maiden speech ہے، اپنے point پر رہیں۔

سینیٹر عابد شیر علی: میڈم! یہ اردو کا لفظ ہے، آپ اردو ڈکشنری سے اسے نکال دیں، میں بھی نکال دوں گا۔ یہ تقاریر کرتے ہیں، ہمیں گالیاں دیتے ہیں۔ انہوں نے سیاست کو گالی بنایا، انہوں نے عام آدمی کو گالی بنا کر پیش کیا۔ میں ابھی سینیٹر مرتضٰی صاحب کی بھی بات سن رہا تھا، وہ کراچی اور گرد و جوار کی buildings کی بات کر رہے تھے۔ آپ نے کبھی غور کیا ہے کہ اسلام آباد جو خوبصورتی اور درختوں کا شہر تھا، اُس وقت آپ کی حکومت تھی جب آپ نے اپنے چہیتوں کو اونے پونے سی ڈی اے کی زمینیں نیلام کیں۔ کیا آپ پاکستان کے عوام کو اس کا جواب دینا پسند کریں گے کہ آپ کی جھوٹ پر مبنی سیاست پاکستان کی تباہی کا موجب بن گئی۔ آپ لوگوں نے پاکستان میں بد تہذیبی introduce کروائی، families جاتی ہیں تو آپ گالیاں دیتے ہیں، آپ کی اپنی ماں، بہن کی طرف بات آئے تو آپ یہاں لڑائیاں کرتے ہیں، آپ کی ماں، بہن آپ کی ہے، باقیوں کی ماں، بہن، بیٹیاں کسی کی بیٹیاں نہیں ہیں۔ یہ اس وقت بولتیں۔۔۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: آپ جب بولیں گی وہاں سے شور ہوگا۔ نہ کریں۔ آپ اپنے سامنے والے colleague کو دیکھ لیں، نہ کریں، مجاہد صاحب، سینیٹر صاحب! آپ ذرا

[2] *"Words expunged as ordered by Madam Presiding Officer.".*

conclude کریں، وقت کافی ہوگیاہے، conclude کیجیے۔ میڈم! آپ تشریف رکھیں۔ تشریف رکھیں۔

سینیٹر عابد شیر علی: جب محترمہ مریم نواز شریف صاحبہ کا کراچی میں کمرے کا دروازہ توڑا گیا، اس وقت ان کی غیرت کہاں تھی؟ یہ اس وقت کہاں تھیں جب فریال تالپور صاحبہ کو ہتھکڑی لگا کر corridor سے لے کر جاتے تھے۔اس وقت ان کی غیرت کہاں تھیں جب شہباز شریف صاحب کی اہلیہ کو عدالتوں میں پیش کیا جاتا تھا۔۔۔

(مداخلت)

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: آپ تحمل سے سنیں، اپنی turn پر بولیے گا۔

سینیٹر عابد شیر علی: ہمارے لوگوں نے مصیبتیں جھیلیں، آپ لوگوں نے ہم پر دہشت گردی کے پرچے دیے، آپ لوگوں نے نواز شریف کے ساتھ جو ظلم وزیادتی کی، آج آپ کا قیدی نمبر ۸۰۴ اڈیالہ جیل میں بھگت رہاہے۔۔۔

(مداخلت)

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: میڈم! جب آپ بولیں گی تو پھر وہاں سے شور ہوگا، آپ ایسا نہ کریں، بیٹھ جائیں۔ سینیٹر عابد صاحب آپ conclude کریں، کافی وقت ہو گیا ہے۔

(مداخلت)

سینیٹر عابد شیر علی: میڈم! آپ مجھے جانتی نہیں ہیں، میرا نام عابد شیر علی ہے، یہ یاد رکھنا پلیز۔ میڈم! ان کو بٹھائیں پھر کہتے ہیں کہ خواتین سے بد تمیزی کرتے ہیں۔۔۔

(مداخلت)

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: آپ ذاتیات پر نہ آئیں، آپ بھی بیٹھ جائیں۔ اب آپ conclude کیجیے۔

سینیٹر عابد شیر علی: میڈم! یہ لوگ دہشت گرد ہیں۔ ان کے دور میں پاکستان کے کونے کونے میں دہشت گردی ہوتی ہے، یہ دہشت گردوں کی پشت پناہی پر کھڑے ہیں۔ میڈم چیئرپرسن! کدھر ہیں پاکستان کے funds جو آپ لوگوں کو Nation Action Plan کے تحت دیے

گئے، کیا آپ نے KP کے عوام کو امن دیا؟ نہیں دیا۔ ہماری آنکھوں کے سامنے APS کے بچے، شہداء آتے ہیں۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: عابد صاحب! آپ تشریف رکھیں، آپ کی بات پوری ہو گئی ہے۔ نہیں، آپ نے کافی لمبی بات کی ہے، تشریف رکھیں۔ سینیٹر دنیش کمار صاحب۔

(مداخلت)

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: میڈم! آپ تشریف رکھیں، یہ آپ نے شروع کیا تھا، دنیش کمار صاحب! آپ بات کریں، آپ کا وقت ختم ہو جائے گا۔

سینیٹر دنیش کمار: میڈم! آپ انہیں چپ کروائیں۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: آپ ہی کے benches پر کوئی سامنے نہیں بیٹھا۔ آپ بات کریں، میں House adjourn کر دوں گی۔آپ بولیئے۔ سینیٹر صاحب دنیش! آپ کا mic بند ہو جائے گا۔آپ بولیے۔.I am going to take the mic from him

(مداخلت)

سینیٹر دنیش کمار: میرا mic کیوں بند ہو جائے گا۔آپ اس کو بند نہ کریں۔ایک منٹ کس سے بات کروں۔ایک منٹ۔ میں بلوچستان کے حوالے سے بات کرنا چاہتا ہوں، آپ ایوان کو in order کر دیں تو آپ کی مہربانی ہو گی۔۔۔

(مداخلت)

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: کوئی بھی نہیں ہے front row میں۔ سینیٹر صاحب! آپ ذرا بلائیں اپنے لوگوں کو۔ آپ بولیں، میں House adjourn کر دوں گی۔

سینیٹر دنیش کمار: میڈم! مجھے جمعے کے دن بھی نہیں بولنے دیا گیا۔۔۔

(مداخلت)

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: عابد صاحب! آپ بیٹھ جائیں، میڈم تو مستقل کھڑی رہتی ہیں۔ میں اپوزیشن سے mic لے لوں گی، یہ آخری speech ہے، اس کے بعد میں agenda لوں گی۔

(مداخلت)

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر :انہوں نے تقریر شروع کی ہے، یہاں مسلم لیگ (ن) کا کوئی بھی وزیر نہیں ہے۔

(مداخلت)

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر : سینیٹر فلک ناز صاحبہ ! آپ کی وجہ سے سارے سینیٹر صاحبان کی speeches بند ہو رہی ہیں۔

(مداخلت)

سینیٹر دنیش کمار : سینیٹر عابد شیر علی ابھی نئے آئے ہیں اور انہیں کچھ پتا بھی نہیں ہے اور وہ خواہ مخواہ میں جھگڑالو بن رہے ہیں۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر : سینیٹر عابد! بیٹھ جائیے ورنہ میں House adjourn کر دوں گی۔

(مداخلت)

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر : تقریر انہوں نے شروع کی ہے۔ (ن) لیگ کا کوئی بھی منسٹر ایوان میں موجود نہیں ہے۔براہ مہربانی منسٹرز کو بلائیں۔ چلیں ٹھیک ہے پھر میں business لینا شروع کرتی ہوں۔

(مداخلت)

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر : سینیٹر دنیش کمار ! آپ بولیے۔

سینیٹر دنیش کمار : بہت شکریہ، میڈم ! میں حکومت کا حصہ ہوں لہٰذا اس طرح نہیں ہوگا۔۔۔

(مداخلت)

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر : آپ کے پاس تین منٹ ہیں۔آپ بولیں۔

(مداخلت)

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر : سینیٹر پرویز رشید صاحب ! اپنے ممبر سینیٹر عابد علی صاحب کو قابو کیجیے۔ سینیٹر عابد شیر علی،آپ نے سب سے لمبی بات کی ہے۔

(مداخلت)

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: دیکھیے، آپ سب کا ٹائم ختم ہو رہا ہے۔ جی دنیش کمار صاحب۔

**Point of Public Importance raised by Senator Danesh Kumar regarding pathetic and non-serious behaviour of Federal Bureaucracy towards the People of Balochistan**

سینیٹر دنیش کمار: بہت شکریہ، میڈم! اسحاق ڈار صاحب بھی آئے ہیں۔ میں چند باتیں آپ کے گوش گزار کرنا چاہتا ہوں کہ یہ ایک تلخ حقیقت ہے کہ بلوچستان کی خوبصورتی ہی اس کی عوام کی صلاحیتیں ہیں اور اس مثبت image کو ہمیشہ یہاں negative طور پر لیا جاتا ہے۔ بلوچستان کے لوگ بہت ہی پیارے اور بلوچستان ایک خوبصورت صوبہ ہے اور بلوچستان پاکستان کا دل ہے۔ اسحاق ڈار صاحب یہاں بیٹھے ہوئے ہیں۔ مجھے افسوس ہوتا ہے کہ پچھلے دنوں وزیراعظم پاکستان روڈ کا افتتاح کرنے کوئٹہ گئے تھے۔ بلوچستان سے وفاق میں ہمارے دو منسٹر صاحبان ہیں اور ان میں سے کسی کو ساتھ نہیں لے گئے۔ یہ بہت بڑا ظلم ہے۔ بلوچستان کے یہاں پر ہم پارلیمنٹیرین ہیں۔جب ہم بیوروکریسی کے پاس جاتے ہیں تو میں آپ کو اس کا ایک معمولی واقعہ سناتا ہوں۔ کچھ دن پہلے گوادر کے کچھ لوگ میرے پاس آئے تھے کہ جی یہاں پر چلنا ہے اور کوئی کام ہے۔ پہلے جب ہم یہاں کسی سیکرٹری کو فون کرتے ہیں تو وہ اتنے فرعون بنے ہوئے ہیں کہ ہمیں بلوچستان کے لوگوں کو وقت نہیں دیتے۔ پارلیمنٹیرین کو وقت نہیں دیتے تو عام لوگ کیا ہوں گے۔ جب ہم منسٹر صاحب سے request کرکے گئے تو آپ یقین جانیں وہ بے چارے گوادر سے application لکھ کر لائے تھے۔ جب انہوں نے application منسٹر صاحب کے سامنے رکھی تو بجائے ان کے مسئلے کو حل کرنے کے، منسٹر صاحب نے application کے حوالے سے dictation دینا شروع کی یہ یہاں یہ کمی ہے، یہاں dot آنا چاہیے، یہاں پر s آنا چاہیے۔ بے چارے گوادر کے لوگ شرمندہ ہو گئے۔ محترمہ اس طرح نہیں ہونا چاہیے۔آپ کو بتاؤں کہ بلوچستان کے لوگ مہمان نواز ہیں۔ بلوچستان کے لوگ غیرت مند ہیں۔ بلوچستان کے لوگ اپنی عزت پر جان دینے کو ترجیح دیتے ہیں۔ میں بلوچستان کے لوگوں کی کچھ خصوصیات بتانا چاہتا ہوں۔ جن لوگوں کو پتا نہیں ہے، وہ سنیں۔ بلوچستان کے کسانوں اور زمینداروں کے متعلق میں آپ کو بتا رہا ہوں۔ بلوچستان میں top class کا rice پیدا ہوتا ہے جیسے ایری نائن، باسمتی اور کائنات شامل ہیں۔ یہ پوری دنیا میں مشہور ہیں۔ بلوچستان میں

پوری دنیا کی top کھجور پیدا ہوتی ہے جن کے نام میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں۔ وہ موزاتی، دشتی اور بیگم جنگی ہے جس کی پوری دنیا میں تعریف کی جاتی ہے۔

میڈم! آپ کو پتا ہے کہ olive oil کے حوالے سے بلوچستان میں دنیا کا بہترین olive oil پیدا ہوتا ہے جسے امریکہ میں منعقد ہونے والے مقابلے میں سلور مڈل ملا ہے اور جس کی recognition امریکہ سے آئی ہے۔ ابھی میرے لورالائی کے دوست یہاں بیٹھے تھے۔ یہ سلور میڈل اسی علاقے کو ملا ہے۔ اسی طرح سے وہاں بہترین قسم کی گندم اگائی جاتی ہے۔ وہاں پر دنیا کی بہترین قسم کی cotton پیدا ہوتی ہے مگر ہمیں یہاں پر ہمیشہ negative لیا جاتا ہے۔ بلوچستان کے مسائل کے حوالے سے کہا جاتا ہے کہ بلوچستان کے لوگ شاید جاہل اور گنوار ہیں۔ میں کہتا ہوں کہ پاکستان کی ترقی بلوچستان سے ہو کر نکلتی ہے۔ بلوچستان پاکستان کا دل ہے اور ہم بلوچستان کے لوگ فخر یہ کہتے ہیں کہ ہم سب سے آگے ہیں۔ یہاں کی بیورو کریسی کو لگام دینی چاہیے اور بلوچستان کے حوالے سے negative image کو ختم کرنا چاہیے۔ بلوچستان ہے تو ہم سب ہیں۔ آج یہاں پر آپ سے ایک التماس ہے کہ وفاق کے بلوچستان میں جو بھی منصوبے ہوتے ہیں، وہ بلوچستان میں جا کر بلوچستان کے پارلیمنٹیرین اور وہاں کے لوگ ہی دیکھ سکتے ہیں۔ وفاق میں بلوچستان کے دو منسٹر صاحبان ہیں اور وہ بھی بے بس ہیں اور کہتے ہیں کہ بیورو کریسی ہماری بات ہی نہیں سن رہی تو آپ کی کہاں سنیں گے۔ میں اسحاق ڈار صاحب سے یہی التماس کرتا ہوں کہ آپ بلوچستان کے لوگوں اور منسٹر صاحبان کو اعتماد میں لیں۔ ان کو اور ہمیں ساتھ لے کر چلیں، شکریہ۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ آپ کی آواز loud and clear سب کو سنائی دی گئی۔ اب تین، تین منٹ کی دو speeches رہ گئی ہیں۔ ایک ہے سینیٹر روبینہ خالد اور ان کے بعد سینیٹر مشال اعظم ہیں۔ اس کے بعد we will resume business. میں ابھی سے بتا رہی ہوں کہ جس نے شور کیا، میں انہیں مائیک نہیں دوں گی۔ براہ مہربانی دونوں اطراف سے ایک دوسرے کو تحمل سے سنیں۔ سینیٹر صاحبہ چلی گئی ہیں۔ سینیٹر محسن عزیز صاحب! آپ اپنے ممبرز پر قابو کریں۔ جی سینیٹر روبینہ خالد۔

## **Point of Public Importance raised by Senator Rubina Khalid regarding continuous deterioration of law and order in Khyber Pakhtunkhwa**

سینیٹر روبینہ خالد: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ، میڈم! سارے صوبے جو ہیں، وہ ہمارے دل کے نزدیک ہیں کیونکہ یہ سب پاکستان کا حصہ ہیں اور ان میں سے کہیں بھی کوئی درد یا تکلیف ہو تو وہ پورے پاکستان کی تکلیف اور درد ہوتی ہے۔ سینیٹر ایمل ولی صاحب چلے گئے کیونکہ خیبر پختونخوا میں جو آپریشن ہو رہا ہے، انہوں نے وہ بات شروع کی۔ چونکہ میرا تعلق بھی خیبر پختونخوا سے ہے تو میں سمجھتی ہوں کہ مجھے ضرور اس پر بات کرنی چاہیے۔ دہشت گردی کے خلاف جو جنگ ہے، اگر آپ ہماری بی بی شہید محترمہ بے نظیر بھٹو صاحبہ کی آخری تقریر سنیں تو انہوں نے کہا تھا کہ جو مالاکنڈ ڈویژن ہے، ہم وہاں پاکستان کا جھنڈا لہرائیں گے۔ آپ کو یاد ہے کہ اس کے بعد جو آپریشن ہوا، وہ ایک تاریخی آپریشن ہوا۔ آئی ڈی پیز کی movement ہوئی اور لاکھوں کی تعداد میں لوگ وہاں سے نکلے۔ میں سلام پیش کرتی ہوں آصف علی زرداری صاحب کو جو صدر پاکستان تھے کہ جس طریقے سے وہ آپریشن ہوا اور IDPs کی look after کی گئی۔ چیئرپرسن صاحبہ، آپ کو یاد ہوگا کہ خیبر پختونخوا میں ہماری صوبائی حکومت بھی تھی اور وہاں پر سارے Ministers کی ڈیوٹی لگائی گئی کہ وہ آئی ڈی پی کیمپس میں جا کر ڈیوٹی دیں اور لوگوں کے ساتھ ان کا دکھ درد بانٹیں۔ بہت افسوس کے ساتھ مجھے کہنا پڑتا ہے کہ جو میرے فاضل ساتھی یہاں بیٹھے ہوئے ہیں، وہ باتیں تو بہت بڑی بڑی کرتے ہیں، پورے پاکستان کے اندر یہ تحریک چلانا چاہتے ہیں لیکن کم از کم اپنے صوبے کو تو سنبھالیں۔ مہربانی کریں اور اپنے صوبے کو سنبھالیں جہاں لوگوں نے آپ کو so called mandate دیا ہے۔ 2013 میں ایک پرامن صوبہ بہت قربانیاں دے کر ان کے حوالے کیا گیا تھا۔ بی بی شہید کی زندگی کی قربانی اور لاکھوں شہداء کی قربانی دے کر ان کو صوبہ دیا گیا تھا۔ وہاں پر آج جو آگ جل رہی ہے، یہ کہیں نہ کہیں تو ذمہ دار ہیں۔ اپنی ذمہ داری کا احساس کریں۔ اگر احساس نہیں ہے تو کم از کم آئی ڈی پیز کی دل جوئی کریں۔ کیمپوں میں لوگ تڑپ رہے ہیں۔ وہاں سردی ہے۔ سینیٹر صاحب اٹھ کر چلے گئے جو کہہ رہے تھے وہاں پر zero temperature چل رہا ہے تو آپ نے اس کے لیے کیا کیا ہے۔ میں دیکھنا چاہتی ہوں کہ ان کے لوگ وہاں کس، کس کیمپ میں بیٹھے ہیں اور کن، کن لوگوں کو وہاں پر مدد دے رہے ہیں۔ یہاں پر باتیں کرنا، شور مچانا اور عجیب و غریب حرکتیں کرنا چھوڑ دیں

اور مہربانی کریں کہ لوگوں کی جو تکلیف ہے،اس میں شامل ہو جائیں۔ ہم آپ کے ساتھ چلیں گے۔ چونکہ صوبہ ہم سب کا ہے تو ہم سب آپ کے ساتھ چلیں گے لیکن پہلے آپ اور صوبائی حکومت آگے بڑھیں۔

میڈم ! پچھلے سال بونیر، سوات اور کافی اضلاع میں cloud burst کی وجہ سے جو سیلاب آیا تھا،اس سے بہت نقصان ہوا تھا تب بھی صوبائی حکومت کی وہاں کوئی presence نہیں تھی تو میری آپ کے توسط سے فیڈریشن سے یہ اپیل ہے کہ وزیراعظم صاحب یا یہاں جو منسٹرز بیٹھے ہوئے ہیں، مہربانی کریں اور وہاں کے لوگوں کی امداد کے لیے کوئی بندوبست کریں۔ لوگ اس وقت تکلیف اور بہت مشکل میں ہیں۔ وہ اس وقت دیکھ رہے ہیں کہ کون آکر ان کا ساتھ دے گا۔ میں یہ سمجھتی ہوں کہ آپریشن ناگزیر ہوتے ہیں۔ یہ کوئی نہیں چاہتا لیکن فوج بھی ہماری ہے۔ یہ فوجی بھی ہمارے ہیں اور میرے اور آپ کے خاندان کے بچے ہیں۔ یہ کہیں اور سے نہیں آئے بلکہ اسی ملک کے باسی ہیں۔ اگر ملک میں امن و امان کے لیے کوئی تکلیف اٹھانی ہے اور کوئی محنت کرنی ہے تو پھر سب نے مل کر کرنا ہے۔ ایک دوسرے پر تنقید سے کوئی فرق نہیں پڑے گا بلکہ نقصان ہوگا۔ مہربانی کریں اور یک جہتی کا مظاہرہ کریں۔ آگے بڑھیں اور لوگوں کی مدد کریں، شکریہ۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ سینیٹر روبینہ، بے شک یہ سرزمین ہماری ہے اور یہاں جو بات کی جارہی تھی، کوئی کبھی اپنے ملک میں آپریشن نہیں چاہتا لیکن سوائے اپنی ریاست کے، کوئی سرزمین پر قابض نہیں ہو سکتا۔ اس بات کے حوالے سے اب آخری تقریر ہے۔ سینیٹر مشال اعظم، آپ کے پاس تین منٹ ہیں۔ جی شروع کریں۔

سینیٹر مشال اعظم: شکریہ، چیئرپرسن صاحبہ ! آج بہت باتیں ہوئیں۔اس وقت تو پورا پاکستان خیبر سے کراچی تک تکلیف میں ہے۔ میں کراچی کے سانحے پر افسوس اور مذمت کروں گی۔ جو اس میں شہید ہوئے ہیں، اللہ تعالیٰ ان کے درجات بلند کریں اور جو لواحقین ہیں، ان کو صبر دے۔ ان کی کوئی compensation نہیں ہو سکتی لیکن چونکہ میرا تعلق صوبہ خیبر پختونخوا سے ہے اور خیبر پختونخوا اس وقت جل رہا ہے۔ پچھلے ایک مہینے سے خیبر پختونخوا میں تیس سے پینتیس drone attacks ہوئے ہیں۔ ہمارے civilians شہید ہو رہے ہیں۔ ہمارے پولیس فورسز کے لوگ شہید ہو رہے ہیں اور ہماری فوج کے لوگ شہید ہو رہے ہیں۔ یہاں پر بات ہوئی تیراہ

آپریشن کی، میں نے بڑے غور سے باتیں سنیں۔ مجھے لگا کہ کوئی sensible بات ہو گی لیکن یہاں پر تو point scoring ہو رہی ہے۔ کسی کو احساس ہی نہیں ہے کہ خیبر پختونخوا کے لوگوں کے ساتھ اس وقت کیا ہو رہا ہے۔ ہماری پارٹی پالیسی ہے، میں ایک بات اس ایوان میں بہت clear cut کرنا چاہتی ہوں کہ ہم دہشت گردی کے خلاف ہیں۔ ہم دہشت گردی کے خلاف ریاست کے ساتھ کھڑے ہیں۔ ہمارے لیے سب سے پہلے پاکستان ہے لیکن ہم military operations کی بھرپور مذمت کرتے ہیں۔ ہم کیوں اس کی مذمت کرتے ہیں، ہم کیوں اس کی مخالفت کر رہے ہیں کیونکہ اس سے ہمارے لوگ دربدر ہو رہے ہیں۔ اس سے ہمارے لوگوں کا نقصان ہو رہا ہے۔ خیبر پختونخوا دہشت گردی کی مد میں دہائیوں سے بہت بڑی قیمت چُکا رہا ہے۔ ایک طرف ہم دہشت گردی کی جنگ میں مارے جا رہے ہیں اور دوسری طرف ہم ملٹری آپریشن میں ہونے والے collateral damage کی وجہ سے مارے جا رہے ہیں۔

یہاں پر خیبر پختونخوا کے حوالے سے بات ہوئی۔ ہم پچھلے دو سالوں سے چیخ رہے ہیں کہ لوگ آ رہے ہیں، لوگ آ رہے ہیں، تشکیلیں ہو رہی ہیں، نقل و حمل ہو رہی ہے، action لیں تو کہا گیا کہ ہم propaganda کر رہے ہیں۔ آج جب بہت سے علاقوں میں بہت سے لوگ قابض ہو چکے ہیں، ہم یہ نہیں کہہ رہے کہ وہاں دہشت گرد نہیں ہیں، ہم کہہ رہے ہیں کہ دہشت گرد ہیں لیکن مجھے بتایا جائے کہ وفاق نے اس دہشت گردی کے مسئلے سے نمٹنے کے لیے خیبر پختونخوا کی حکومت کو کتنی مرتبہ اپنے ساتھ بٹھایا۔ مجھے بتائیں کہ اس دہشت گردی کے مسئلے سے نمٹنے کے لیے ہمیں کتنی مرتبہ بریفنگ دی گئی۔ جب ہم آپ سے کہہ رہے تھے کہ دہشت گرد آ رہے ہیں تو آپ لوگ کہہ رہے تھے کہ آپ propaganda کر رہے تھے۔ جب ہم آپ سے کہہ رہے تھے کہ اس جنگ میں قیمت خیبر پختونخوا چُکائے گا۔ اگر آپ سے بات نہیں ہو پا رہی تو ہمیں اپنے ساتھ کریں، آئیں افغانستان سے بات کریں تو آپ کہہ رہے تھے کہ یہ وفاق کا domain ہے۔ قائد ایوان اسحاق ڈار صاحب ڈار صاحب یہاں پر بیٹھے ہوئے ہیں، یہ ابھی افغانستان گئے ہوئے ہیں، یہ اس معاملے میں افغانستان گئے ہیں۔ جب ہم آپ سے کہہ رہے تھے کہ ہمیں اپنے ساتھ لے کر جائیں، شاید ہم کوئی حل نکال لیں تو ہمیں کہا جا رہا تھا کہ یہ آپ کی domain نہیں ہے اور آج خیبر پختونخوا اس

domain کی وجہ سے جل رہا ہے۔ آپ کہہ رہے تھے تیراہ آپریشن ہو، میں on the floor یہ میں بات کرنا چاہتی ہوں کہ ہم نے اس آپریشن کی اجازت نہیں دی، یہ صوبائی حکومت۔۔۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔

سینیٹر مشال اعظم: نہیں، نہیں، میڈم! مجھے بات کرنے دیں۔ میں نے سات منٹ بات کی، یہ بہت serious معاملہ ہے۔ میں زیادہ وقت نہیں لوں گی، یہ بہت serious معاملہ ہے، مجھے تھوڑا سا بات کرنے دیں۔۔۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: نہیں، بس آپ کا آخری منٹ ہے۔ جی۔

سینیٹر مشال اعظم: انہوں نے ہمیں اپنے ساتھ نہیں بٹھایا، پھر وہاں کیا ہوا۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ کو minus کرکے ایک جرگہ منعقد کیا جس میں قبائل کے دو دو نمائندوں کو بلایا اور ان سے کہا کہ جی آپ انخلا کریں، آدھے قبائل کے لوگ نکلے، آدھوں کو زبردستی سے نکالا جا رہا ہے۔ میڈم نے IDPs کے camps کی بات کی۔ کہاں ہیں camps? camps تو ہیں نہیں۔ ہم تو یہی چیخ رہے ہیں کہ نہ camps ہیں، نہ کچھ ہے۔ آپ لوگوں کو در بدر کر رہے ہیں۔ آپ لوگوں کو کھلے آسمان تلے بٹھا رہے ہیں، نکال رہے ہیں۔ چار چار، پانچ پانچ دن لوگ تیراہ کے سنگلاخ پہاڑوں میں پڑے ہوئے ہیں۔۔۔۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: بی بی! آپ اس پر ایک motion move کر دیں۔ اگر آپ کہہ رہی ہیں۔

سینیٹر مشال اعظم: میڈم! ہم وہ کریں گے۔ انہوں نے بات کی، ہم آپ کے سامنے حقائق لا رہے ہیں۔۔۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: نہیں، نہیں، یا تو آپ calling attention notice کیجیے۔

سینیٹر مشال اعظم: آپ ہماری عورتوں کو بے عزت کر رہے ہیں۔ آپ ہمارے مردوں کے ساتھ یہ کر رہے ہیں۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: نہیں، کوئی کسی کو بے عزت نہیں کر رہا۔ آپ اس پر ایک motion move کریں۔

سینیٹر مشال اعظم : وفاقی حکومت بتائے کہ انہوں نے کیا کیا۔۔۔

Madam Presiding Officer: Thank you. I am going to take Order No. 38. Senator Syed Waqar Mehdi may move the motion.

جی منسٹر صاحب ! آپ کچھ کہنا چاہ رہے ہیں۔

**Dr. Tariq Fazal Chaudhary, Minister for Parliamentary Affairs**

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری (وزیر برائے پارلیمانی امور) : جی میں بہت مختصر بات کروں گا ،چونکہ پاکستان کے دو انتہائی خوب صورت صوبوں کی بات ہوئی ہے۔ بلوچستان کے حوالے سے سینیٹر دنیش کمار صاحب نے جو بات کی ہے تو میں وضاحت کرنا چاہتا ہوں کہ بلوچستان اس وقت مکمل طور پر حکومت کی priority ہے ۔میں آپ کو ایک detailed list present کر سکتا ہوں، اگر آپ کبھی مجھے وقت دیں گے، کہ کون کون سے ایسے منصوبے ہیں جو اس وقت وفاقی حکومت بلوچستان میں شروع کر رہی ہے۔ ان میں بجلی، roads, infrastructure developmentاور بے شمار ایسے منصوبے ہیں جو بلوچستان میں جاری ہیں۔

حال ہی میں وزیر اعظم صاحب نے دورہ کیا تھا،وہ بھی کئی ایسے ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے تھا۔ وہاں پر ہمارے وزرا اور اراکین پارلیمان موجود تھے۔ یہاں پر جو وفاقی وزرا ہوتے ہیں، چونکہ اپنی اپنی وزارتوں کی مصروفیات ہوتی ہیں، اس لیے ضروری نہیں ہوتا کہ تمام کے تمام ممبران، اگر وزیر اعظم سندھ جا رہے ہیں تو سندھ کے سارے وزرا سفر کریں، بلوچستان جا رہے ہیں تو بلوچستان کے وزرا سفر کریں۔ ان وزرا کی حد تک تو ان کی اپنی مصروفیات کی وجہ تھی ورنہ وہاں پر ساری ٹیم، گورنر صاحب اور سارے موجود تھے۔

سینیٹر صاحبہ نے جو بات کی ہے، میں بہت مختصر عرض کروں گا کہ اس وقت خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کی جو صورت حال ہے،اس وقت خیبر پختونخوا کی حکومت کی ایک دوغلی پالیسی دیکھنے میں آ رہی ہے۔ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے وہاں پر دہشت گردوں سے ایک جنگ لڑی جا رہی ہے۔ یہ ایک طرف سے یہ بات کرتے ہیں کہ ہم دہشت گردی کے خلاف ہیں، ہم دہشت گردی کے خلاف وفاقی حکومت کے ساتھ ہیں، ہم ریاست کے ساتھ کھڑے ہیں لیکن اگلے ہی منٹ میں یہ کہتے ہیں کہ فوجی آپریشن کے ہم صریحاً خلاف ہیں۔ تو پھر مجھے آپ یہ بتائیں کہ دہشت گردوں کا خاتمہ ہوا؟

اس سے پہلے جو پاکستان میں ہوا تھا، وہ میاں نواز شریف صاحب کے دور میں ہوا تھا۔ اس وقت پاکستان پیپلز پارٹی کے2009-10 کے دور میں شروع ہوا،IDPs تھے،سوات میں آپریشن ہوئے تو پاکستان میں امن دہشت گردوں کا خاتمہ کرنے کے بعد ہی ممکن ہو سکا تھا۔ آج بھی یہ وہ لوگ ہیں کہ آپ کی سویلین آبادی کو نشانہ بنا رہے ہیں۔ ہمارے جوان اور افسران اس میں اپنی جانوں کانذرانہ دے رہے ہیں، وہ شہید ہو رہے ہیں۔ روزانہ کی بنیاد پر آپ کو پتا چلتا ہے کہ تشکیلیں ہو رہی ہیں، لوگ افغانستان سے آ رہے ہیں اور وہ یہاں پر آ کر حملہ کرتے ہیں۔ یہاں وفاق میں اگر حملہ ہوتا ہے، یہاں پرDistrict courts کے باہر خود کش حملہ ہوتا ہے۔ جو حملہ آور ہے، وہ افغانستان کا نکلتا ہے،handlerافغانستان کا نکلتا ہے۔

جہاں تک آپ بات چیت کی بات کرتے ہیں تو بات چیت ہم نے ترکیہ میں بیٹھ کر کی، استنبول میں کی اور قطر میں کی۔ مقصد یہی تھا کہ کسی کے دل میں یہ شک نہ رہ جائے کہ ہم بات چیت کے ذریعے پر امن طریقے سے اس مسئلے کو نہیں کرنا چاہتے لیکن وہاں پر انہوں نے کیا کہا، جو افغان طالبان regime کے نمائندے یہاں پر ہماری حکومت کے نمائندوں کے ساتھ مذاکرات کر رہے تھے، انہوں نے یہ کہا کہ پاکستان میں دہشت گردی افغانستان سے ہو رہی ہے لیکن ہم اسے روک نہیں سکتے۔ انہوں نے انکار نہیں کیا کہ دراندازی نہیں ہوتی اور تشکیلیں وہاں سے نہیں ہوتیں۔ بات چیت کا راستہ اپنایا گیا لیکن وہ تحریری معاہدہ انہوں نے دستخط کرنے سے انکار کر دیا۔ لہٰذا، آج ہمیں ان خاندانوں کے ساتھ کھڑا ہونا ہے جن کے بچے وطن کے لیے وہاں پر اپنی جانوں کا نذرانہ دے رہے ہیں،civilians شہید ہو رہے ہیں۔ خیبر پختونخوا حکومت کو دوہرا معیار ختم کرنا ہوگا۔ اسے یا ریاست کے ساتھ کھڑا ہونا ہے یا ان کے خلاف کھڑا ہونا ہے۔ آپ کو یہ پالیسی yes or no میں دینی پڑے گی۔ ہم دہشت گردی کے بھی خلاف ہیں، دہشت گردوں کے بھی خلاف ہیں اور آپریشن کے بھی خلاف ہیں۔ یہ کیا دوہرا معیار ہے؟

Madam Presiding Officer: Thank you. We may now take up Order No. 38 Senator Syed Waqar Mehdi may move the motion.

**<u>Motion under Rule 218 moved by Senator Syed Waqar Mehdi regarding alarming increase in fatal gas-cylinder explosions in the country</u>**

Senator Syed Waqar Mehdi: Thank you Madam. I move that this House may discuss the issue of manufacturing of substandard gas cylinders, un-regulated refilling units and absence of mandatory safety testing of the same resulting in alarming increase in fatal gas-cylinder explosions in the country.

میں اس پر بات کرنا چاہوں گا کہ پچھلے کئی سالوں سے پاکستان کے مختلف شہروں میں گیس سلنڈرblast کے واقعات رونما ہوئے۔ اس کی Regulatory Authority OGRA ہے۔ 2022-23 میں جب میں سینیٹر تھا تو رانا مقبول صاحب کی کابینہ کمیٹی میں ہم نے یہ discuss کیا لیکن میں نے یہ دیکھا کہ OGRA کی انتظامیہ کو ان واقعات سے کوئی غرض نہ تھی اور آج بھی پاکستان کے مختلف شہروں میں اتنے واقعات ہوتے ہیں، کبھی ملتان میں ہوتا ہے، کبھی حیدرآباد میں ہوتا ہے، کبھی کراچی میں ہوتا ہے، کبھی کوئٹہ میں ہوتا ہے کبھی پشاور میں ہوتا ہےاور کبھی کہیں اور ہوتا ہے لیکن ان کی طرف سے کوئی action نظر نہیں آتا۔ میں آپ کو بتاتا چلوں کہ صوبہ پنجاب میں 2022 سے 2026 تک LPG سلنڈراور boozer blast کے واقعات رپورٹ ہوئے ہیں،494 واقعات ہوئے ہیں۔ جن واقعات میں26 اموات ہوئیں، 255 زخمی ہوئے، لیکن کوئی action اس پر نظر نہیں آیا۔ اس کے ساتھ ساتھ حیدرآباد کے اندر پریٹ آباد میںgas cylinder blastکے واقعات ہو گئے، اس میں کئی قیمتی جانیں ضائع ہو گئیں۔ اس کے علاوہ ملتان میں ایکoxygen gas cylinderکےbowserکاblastہوا۔ اس میں تقریباً38 کے قریب معصوم شہری جاں بحق ہو گئے اور میں آپ کو یہ بھی بتاتا چلوں کہ جو gas bowser سڑکوں پر گھومتے ہیں یاtransportہوتے ہیں،اس میں Carbon dioxide ($CO_2$)کیmixing کی جاتی ہے، جو کہ ایک بہت بڑا مسئلہ ہے، جس کی وجہ سے بلاسٹ کی شدت بڑھ جاتی ہے۔ یہ مین شاہراہوں سے شہروں کے اندر جاتے ہیں اور جا کر کسیfilling stationپر پہنچتے ہیں۔ آپ کو میں یہ بھی بتاتا چلوں کہ تقریباً 30 to 35 metric ton

bowserمیں filling کرنی چاہیے، لیکن دیکھا یہ گیا ہے کہ 90 metric ton تک filling کی جاتی ہے، جو کہ safety کے لیے بہت ہی خطرناک ہے۔ اس میں کوئی check and balance نہیں ہے، کوئی اس کا پوچھنے والا نہیں ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ substandard cylinder بنانے والوں کی factories زیادہ تر گوجرانوالہ کے اندر موجود ہیں، جو کہ 600 کے قریب ہیں اور وہاں نگرانی کا کوئی مؤثر نظام نظر نہیں آیا۔

اس کے علاوہ cylinder and bowser بنانے کے لیے OGRA کا license ہوتا ہے اور وہ particular ایک جگہ کے استعمال کے لیے ہوتا ہے، جیسے اسلام آباد کا کوئی علاقہ یا لاہور کا کوئی علاقہ یا کراچی کا علاقہ وہاں لگے گا۔ لیکن جو license لیتا ہے وہ پاکستان کے مختلف شہروں میں وہی ایک license استعمال کرتا ہے اور اس کی کوئی نگرانی یا check and balance نہیں ہوتا۔ اس کے ساتھ ساتھ اس کے لیے جو قانون موجود ہے اس کے تحت کوئی سزا نہیں ہے۔ اس میں bailable provisions لگائی جاتی ہیں اور اس پر پانچ ہزار کا جرمانہ دے کر چھوٹ جاتا ہے۔ ایک بات میں آپ کو بتاؤں کہ اس کا ایک Bill Ministry of Law سے منظور ہو کر vet ہو کر Ministry of Interior میں پڑا ہوا ہے، تاکہ PPC یعنی Pakistan Penal Code 1860 میں ترمیم کی جائے اور سزاؤں کو بڑھایا جائے، جرمانے زیادہ کیے جائیں، تاکہ اس کا کوئی تدارک ہو سکے۔ تو میری ایک گزارش ہے وزیر صاحب سے کہ OGRA کو پابند کریں، اس کا check and balance ہونا چاہیے۔ اس میں بہت معصوم قیمتی جانیں گھروں کے اندر، school vans کے اندر، سڑکوں پر، دکانوں پر blast میں ضائع ہوئیں، جس سے عام آدمی اور عام شہری متاثر ہوتا ہے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ سینیٹر وقار صاحب۔ وزیر صاحب! آپ اس پر کچھ کہنا چاہیں گے یا کوئی وضاحت یا assurance دینا چاہیں گے؟

A very important public safety issue. One minute, please.

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: Honourable Chairperson میں عرض کروں گا کہ معزز سینیٹر نے LPG cylinders کے حوالے سے جو بات کی ہے، ان کا concern بالکل صحیح ہے اور پاکستان کے مختلف علاقوں میں جو gas cylinder blast کے حادثات ہوئے ہیں، ان

میں بعض حادثات ایسے ہیں جن میں یقیناًcylinderکی manufacturing کے دوران جوsafety measuresاورstandardsکوfollowنہیں کیا گیا اور اس کے لیےاو گرا جو steps لیتی ہے وہ میں مختصر عرض کر دیتا ہوں کہ اس میں manufacturing standards ہوتے ہیں، اس کے بعد mandatory testing اور-pre qualification requirementsہیں، پھر جوchallengesہیں وہ identify کیے جاتے ہیں اور پورے پاکستان میں جوauthorityہے یہensureکرتی ہے کہ جس جگہ پر بھی اس طرح کےsub-standard cylinderکی manufacturingہو یامارکیٹ میں موجود ہوں، ان کاanalysisکیا جاتا ہے اور انہیں بنانے والے یا انہیں رکھنے والے جو دکاندار ہیں یا کوئیagencyہے ان کے خلاف کارروائی ہوتی ہے، پرچے ہوتے ہیں۔ سردیوں میں ان واقعات میں زیادہ اضافہ ہوتا ہے، تو اس وقت مکمل کوشش کی جا رہی ہے کہ اس طرح کےcylinders manufacturingکو بند کیا جائے اور استعمال کرنے والوں کو روکا جائے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: جو قوانین ہیں اس پر بھی نظر ثانی کی جائے، جیسے سینیٹر صاحب نے گزارش کی ہے، آپ ان سےdiscuss کر لیں۔ شکریہ۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: پہلے تین سال سزا تھی، اب پندرہ سال سزا کر دی گئی ہے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: کمیٹی میں بھیج دیں تاکہ وزیر قانون صاحب بھی وہاں موثر کام کر سکیں۔ اسissueپر اور کسی نے کچھ نہیں کہا، ,we are moving بٹ صاحب! آپ نے اسissueپر بات کرنی تھی، نہیں نہیں,I am doing to Order No. 39 آپ نہیں تھے۔ No, please don’t shout at me, please don’t shout, Order No. 39, we may now take up Order No. 39, Senator Mohsin Aziz may move the motion. آپ نے سینیٹر شاہ زیب کا mic onکیا ہوا تھا۔ آپ اس کے بعد کر لیجیے گا، ان شاء اللہ کل کر لیجیے گا۔ تشریف رکھیں۔

سینیٹر محسن عزیز: کل موقع مل جائے گا، ان شاء اللہ ان کو بھی اور ہم کو بھی، میڈم اس کا جواب کون دے، اس کا جواب آپ دیں گے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر محسن صاحب! صرف ڈھائی منٹ، جلدی سے بات کیجیے۔

سینیٹر محسن عزیز: جلدی سے نہیں، میں نے تحمل سے کرنا ہے۔ یہ میرا motion ہے
and motion should get a proper time.

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: House conclude ہونا ہے
so you take a five minutes.

سینیٹر محسن عزیز: میڈم شیری! اس میں آپ احتیاط کریں no, no, not five minutes, آپ کتاب پڑھ لیں، میں نے بھی پڑھی ہے۔ اس میں مجھے کچھ بات کرنے دیں، یہ ملک کی بات ہے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: اچھا move تو کیجیے۔

سینیٹر محسن عزیز: آپ نے تو پہلے ہی مجھے روک دیا ہے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: میں نہیں روک رہی، چلیں move کریں۔

**<u>Motion Under Rule 218 moved by Senator Mohsin Aziz regarding the exit of multinational companies from Pakistan and its adverse impact on foreign direct investment and potential job losses</u>**

Senator Mohsin Aziz: I move that the House may discuss the exit of multinational companies from Pakistan and its adverse impact on foreign direct investment and potential job losses.

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: وزیر صاحب! آپ نے اس کا جواب دینا ہوگا بہت اہم سوال ہے، یہ اچھی طرح سن لیجئے۔ سینیٹر محسن عزیز! don't worry ان کو بتا دیں گے، آپ شروع کریں، وزارت کے سارے لوگ بیٹھے ہوئے ہیں، آپ شروع کریں۔

سینیٹر محسن عزیز: اس بات کی seriousness نہیں ہے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: کیونکہ دیر ہو رہی ہے شام کو, he should return میں نے ان سے کہا ہے کہ واپس آئیں۔

سینیٹر محسن عزیز: ہم نے دیر سویر کھیلنا ہے تو پھر کوئی بات نہ ہوئی، میں پوری تیاری کرکے آیا ہوں، fact and figures دیکھیں۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: براہ مہربانی، آپ شروع کیجیے، Ministry بیٹھی ہوئی ہے، ان کو واپس بلاتے ہیں۔ آپ شروع کیجیے۔

سینیٹر محسن عزیز: میں یہاں سے بات شروع کرنا چاہتا ہوں کہ میں اپوزیشن ممبر ہوں، Opposition benches پر بیٹھتا ہوں لیکن اس سے پہلے میں ایک پاکستانی ہوں اور اپنے آپ کو محب وطن پاکستانی سمجھتا ہوں۔ اس لیے میں آج جو بات کرنا چاہ رہا تھا facts and figures کے ساتھ کرنا چاہ رہا تھا اور چاہ رہا ہوں، اس لیے میں توقع رکھوں گا کہ یہ ساڑھے تین سال جو PTI کی حکومت رہی ہے اس کی bashing سے باہر نکل کر ہم way forward تلاش کریں۔ اس ملک کے لیے، اس کے عوام کے لیے، اس کی بہبود اور خوشحالی کے لیے۔ تو میری request یہ تھی کہ Minister Sahib چلے گئے ہیں تو معلوم نہیں کہ ان کو یہ پیغام مل جائے گا یا نہیں تاکہ ہم facts and figures کا جواب دیں اور facts and figures کو ٹھیک کرنے کی بات کریں اور اس کو بہتر کرنے کی بات کریں۔

دیکھیں، میں جو بات کروں، World Bank نے جو کہا ہے، جو پاکستان کے economists کہہ رہے ہیں، جو بیرون ملک کے economist کہہ رہے ہیں میں ان کی بات کو یہاں لے کر جاؤں گا اور اس سے آگے اپنی بات کرنا چاہوں گا۔ لیکن جو World Bank ہے وہ کہتا ہے کہ Pakistan prevailing challenges revealed, that poverty reduction is not guaranteed under the current development model and a new development model is needed.

اسی طرح سے یہاں پر مفتاح اسماعیل صاحب ہمارے وزیر رہ چکے ہیں، قیصر بنگالی ہیں، حفیظ پاشا صاحب ہیں، سب کیا کہہ رہے ہیں؟ وہ یہ کہہ رہے ہیں کہ پچھلے پانچ سال میں جو average Pakistani وہ % 12 to 13 غریب سے غریب تر ہو گیا ہے، خاص طور پر urban societies میں رہنے والے لوگ %22 to 23 پچھلے تین چار سالوں میں غریب سے غریب تر ہو گئے ہیں۔

یہ کہا جا رہا ہے کہ پاکستان اس وقت قرضہ اس لیے لے رہا ہے کہ پرانا قرضہ ادا کر جا سکے۔ پاکستان اس وقت ایک قرضوں کے ventilator پر زندہ ہے۔ یہ کہا جا رہا ہے کہ South Asia

اور world یعنی دنیا جو اس وقت ترقی کی طرف جا رہی ہے لیکن پاکستان تنزلی کی طرف جا رہا ہے۔ یہ کہا جا رہا ہے کہ اس وقت عالمی تیل کی قیمتیں بلند ترین نہیں بلکہ کم ترین سطح پر ہیں لیکن پھر بھی ہم معیشت کو control کرنے میں ناکام رہے ہیں۔۔۔

(مداخلت)

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: یہ والی تو سن کر جائیے، اس کا جواب لیجیے، آگے دیکھ لیں، آگے دیکھیں گے۔

سینیٹر محسن عزیز: یہ کہا جا رہا ہے کہ صوبوں میں income اور development میں disparities بڑھتی جا رہی ہیں۔ یہاں مختلف economists یہ بھی کہہ رہے ہیں کہ چھوٹی صنعتیں اس وقت تباہ ہو چکی ہیں۔ ٹیکسٹائل صنعت تقریباً آدھی بند ہو چکی ہے۔ اس کے علاوہ وہ صنعتیں جن کی construction کے ساتھ وابستگی ہے، وہ بھی اس وقت بند ہونے کے قریب ہیں اور آخری سسکیاں لے رہی ہیں۔

اب ایسے میں جو industrial products ہیں یا جو consumer products ہیں وہ اس وقت چونکہ لوگوں کی قوتِ خرید یا buying power نہیں ہے، وہ ختم ہو چکی ہیں۔ اس لیے بہت سی industries اپنی مصنوعات کو قیمتیں کم کر کے اونے پونے داموں میں مارکیٹ میں لا رہے ہیں تاکہ کم سے کم اُن کا پہیہ چلتا رہے۔ Political instability, انصاف کا نہ ہونا

is also one of the reasons which is being narrated by all these people.

دوسری طرف اگر آپ دیکھیں تو LSM کی growth منفی 1.7 فیصد پر ہے اور overall industrial growth تقریباً 1.5 فیصد پر ہے۔ Agricultural growth minus میں ہے، services minus میں ہے، IT growth minus میں ہے، major crops 3.7 percent decline ہوئی ہیں۔ آپ اگر دیکھئے تو کوئی ایسا indicator نہیں ہے جو کہ آپ کو positivity کی طرف لے کے جائے ماسوائے ایک مہنگائی کے اور ماسوائے ہماری population growth بڑھ رہی ہے۔ Unemployment نے تیس سال کا ریکارڈ توڑ دیا ہے۔

عالمی بینک کی رپورٹ ہے کہ اس وقت ہم 34 فیصد unemployment پر بیٹھے ہیں۔ Poverty rate کو جو measure کیا جاتا ہے تو اس وقت ہمارے 45 سے 50 فیصد لوگ poverty line سے نیچے جا چکے ہیں۔ جو پچھلے سال یعنی 2024 کے چھ مہینوں میں ہماری exports سال تھیں، ہم اُس سے بھی زیادہ decline کر چکے ہیں۔ اب ایسے میں جہاں پر ویت نام اور بنگلہ دیش جیسے ملکوں کو تقریباً 18 یا 18.5 بلین ڈالر کی FDI ملتی ہے، انڈیا کو تقریباً 82 بلین ڈالر کی FDI ملتی ہے، ہم پچھلے کئی سالوں سے اُسی 2.2 بلین ڈالر پر اٹکے رہ گئے ہیں۔ پچھلے تین سالوں میں تقریباً ہماری اٹھارہ بڑی multinational companies پاکستان سے exit کر چکی ہی اور میڈم! میں یہاں پر بھی آپ کو یہ بتانا ضروری سمجھتا ہوں کہ یہاں multinational companies has a pressing on the Government. یہ وہ کمپنیاں ہوتی ہیں جن کے پیچھے اُن کی government بھی کھڑی ہوتی ہے، ان کی embassies بھی کھڑی ہوتی ہیں اور پاکستان میں بھی somehow they are given a professional treatment because they are known to be foreigners. اب اس میں اگر آپ چیدہ چیدہ نام لیں تو Total Energies ہے، Telenor ہے، Uber ہے، Careem ہے۔ Pharmaceutical industry میں Lilly ہے، Bayer ہے، Procter & Gamble اس میں last ہے۔ اس کے علاوہ Lotte Pakistan ہے۔ اس کے علاوہ قطر کا Al-Thani Group ہے۔ یہ وہ چیدہ چیدہ کمپنیاں ہیں جن کا نام میں آپ کے سامنے لے رہا ہوں۔

ویسے تو میں یہاں یہ بھی کہنا چاہتا ہوں کہ ہم FDI پر بڑے خوش ہوتے ہیں لیکن بعض ایسے products بھی پاکستان میں لے آتے ہیں جن پر ہم بڑا triumph کرتے ہیں اور بڑی خوشی محسوس کرتے ہیں کہ FDI آ گئی یا foreign company آ گئی جو fast moving consumer item ہے جس میں صابن ہے، detergent ہے، toothpaste ہے، یہ بناتے ہیں۔ وہ تو اگر پاکستان سے ایک طریقے سے چلے بھی جائیں تو انہوں نے پاکستان کی صرف خدمت نہیں کی بلکہ وہ پاکستان صرف اس لیے آئے کہ اُنہیں یہاں پر ایک population growth and vast majority or market ملتی ہے لیکن وہ لوگ جو ٹیکنالوجی لے

کر آتے ہیں، جو high tech چیزیں لے کر آتے ہیں، اُن کا پاکستان سے نکلنا ہمارے لیے خطرے سے خالی نہیں ہے۔

اگر آپ دیکھیں تو ہم یہاں بیٹھ کر جب بھی یہ بات کرتے اور بہت افسوس کے ساتھ میں یہ بات کر رہا ہوں کہ یہ عام الفہم ہے اور غلط الفہم ہے کہ ہم صرف اور صرف Finance Ministry کو اس کا ذمہ دار ٹھہراتے ہیں۔ Finance Ministry جو ہے، یہ چوہدری صاحب آپ کے لیے بھی، آپ کے لیے بھی میں یہ گزارش کر رہا ہوں۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: آپ کے full ten minutes ہیں جو پورے ہونے والے ہیں تو آپ conclude کریں۔

سینیٹر محسن عزیز: میں یہ کہہ رہا ہوں کہ Finance Ministry is not the only Ministry جس کو مَوردِ اِلزام ٹھہرایا جائے اور صرف اُسی کی bashing کی جائے۔ Actually پاکستان میں یا دنیا میں جو یہ کام ہوتا ہے، وہ Planning Commission کا ہوتا ہے، Planning Ministry کا ہوتا ہے۔ اب پاکستان میں industrial policy کا فقدان ہے اور وہ ہے ہی نہیں۔ Agriculture policy کا فقدان ہے اور وہ ہے ہی نہیں۔ Tax policy ہے ہی نہیں۔ Energy policy ہے ہی نہیں۔ Investment policy ہے ہی نہیں تو یہاں پر صرف اور صرف Finance Ministry کو اس کا ذمہ دار ٹھہرانا، میں سمجھتا ہوں کہ غلط ہے۔

ہم پچھلے 78-77 سالوں میں یہ نہیں بنا سکے اور اس کا قصور وار صرف ایک منسٹری یا ایک حکومت نہیں ہے۔ یہ پے در پے پچھلے ستر سال سے ہو رہا ہے۔ ابھی آپ دیکھیے کہ industrialist کو کیا تکلیف ہے۔ پہلے بجلی کی shortage تھی تو آئی پی پیز کو اونے پونے داموں میں لایا گیا، پاکستان کو غرق کر دیا۔ اُس کے بعد rental power پاور لانے کی کوشش کی گئی، پاکستان کو غرق کر دیا۔ اُس کے بعد کہا گیا کہ جو industrialists ہیں، وہ اپنے لیے captive power کا بندوبست کریں اور گیس پر اپنی industry کو چلائیں۔ انہوں نے انجن لگا لیے۔ انہوں نے جب انجن لگا لیے تو پھر کہا گیا کہ ان engines کی capacity اور ان کی efficiency کو بہتر کریں،

تو اُسے بھی بہتر کر لیا گیا۔ اب آ کے ان کی energy کے اوپر ایک penal اور ایک default لگا دیا گیا۔

ایک تو گیس کی قیمتیں دو سو فیصد کر دیں، اور اس کے اوپر captive power units جو کہ حکومت کے کہنے پر لگے، ان کے اوپر ایک penalty لگا دی گئی۔ کیوں؟ اس کا مجھے علم نہیں ہے۔ اس کے بعد کہا گیا۔۔۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: محسن صاحب! آپ کے دس منٹ پورے ہو چکے ہیں۔ بس آخری منٹ ہے۔

سینیٹر محسن عزیز: بس ایک منٹ، میں ختم کر رہا ہوں، میں ختم کر رہا ہوں جی۔ بات یہ ہے کہ اس کے بعد آپ مجھے یا کوئی مجھے جواب دے کہ industrialists اب کیا کریں۔ وہ اگر HFO لگاتا ہے، furnace oil کی طرف جاتا ہے تو آپ اُس کے اوپر ٹیکس لگا دیتے ہیں۔ یہ تو ایسے لگتا ہے کہ جس طرح ایک چور اور ایک کوتوال کی دوڑ لگی ہوئی ہے۔ چور آگے آگے اور وہ پیچھے پیچھے۔ اگر تو industrialist چور ہے تو اس کو ویسے ہی ختم کر دینا چاہیے۔

دوسری بات کہ جو ہمارا tax ratio ہے وہ region میں highest ہے۔ Region میں اس وقت نہ صرف ٹیکس کا ratio بلکہ بجلی کی prices بھی سب سے highest ہیں۔ اٹھارہ فیصد سیلز ٹیکس ہے، اس کے اوپر تین فیصد ایک دوسرا ٹیکس ہے جس کو آپ non filer کہتے ہیں، اس کے بعد income tax پینتالیس فیصد، اس کے بعد super tax, اس کے بعد dividends پر tax ہے۔ یہ تو 78 فیصد تک پہنچ جاتا ہے۔ ان حالات میں کون سا ایسا industrialist ہے یا کون سی ایسی industry ہے جو کہ thrive کر سکتی ہے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ محسن صاحب! آپ نے بہت اہم باتیں اور بہت اہم سوال کیے ہیں۔ اب آپ دوسروں کو بھی موقع دیں۔

سینیٹر محسن عزیز: میری گزارش یہی ہو گی کہ یہ میں نے facts and figures کے ساتھ بات کی ہے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: تو آپ چاہ رہے ہیں کہ یہ کمیٹی میں جائے۔

سینیٹر محسن عزیز: میں سمجھتا ہوں اس کو کمیٹی بھی جانا چاہیے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: کون سی کمیٹی؟ پلاننگ یا فنانس۔

سینیٹر محسن عزیز: اس کو تو میرے حساب سے پلاننگ میں جانا چاہیے کیونکہ یہ سارا جو فقدان ہے وہ یہ پلاننگ کا ہے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: Taxation تو finance میں جاتی ہے۔

سینیٹر محسن عزیز: نہیں نہیں۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: ٹھیک ہے، اس کو بھیج دیتے ہیں۔

سینیٹر محسن عزیز: ٹھیک ہے لیکن دیکھیے بات یہ ہے کہ ہمارا problem کہاں پر ہے۔ Our problem is that we do not have a long-term policy. We do not agree upon what should be done.

Madam Presiding Officer: Minister *Sahib*! He says that high energy cost and very high taxes are driving industry away.

اب آپ اس کا پلیز ایک موثر جواب دیجیے۔ This is the last item on the agenda, please کیونکہ اگلے تین items کے لیے کوئی وزیر نہیں ہوگا۔ اس وقت دونوں Houses چل رہے ہیں۔ آپ کی Ministers کی فوج ہے لیکن ایک ہی وزیر دونوں Houses کو service کر رہا ہے۔ آفرین ہے آپ پر لیکن آپ کی collective ذمہ داری کا کیا بنا؟ This is not on منسٹر صاحب۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: بہت شکریہ۔

(مداخلت)

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: نہیں، وہ سب defer ہوں گے، اگلے پیر کو آئیں گے، یقینی طور پر۔ جی۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: بہت شکریہ! میڈم چیئرپرسن صاحبہ۔

Madam Presiding Officer: You want a Minister to answer.

آپ کو خالی House میں تو نہیں بات کرنی۔ جی، دیجیئے جواب۔

**Dr. Tariq Fazal Chaudhary, Minister for Parliamentary Affairs**

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جو Foreign Direct Investment ہے اس کے ساتھ ساتھ اس وقت جو industries and international companies پاکستان میں آ رہی ہیں اور سینیٹر صاحب نے کہا کہ یہاں سے جو move ہوئے ہیں اس حوالے سے میں یہ کہوں گا کہ facts کچھ انہوں نے دیئے ہیں۔ مختصراً میں بھی کچھ facts آپ کے سامنے رکھوں گا۔ اس کے بعد، کیونکہ آپ نے اس کو کمیٹی میں refer کر دیا ہے، پھر ان شاءاللہ اس پر کمیٹی میں detailed deliberations ہو جائیں گی۔

میں یہ عرض کروں کہ State Bank of Pakistan کے جو July, 2025 figures ہیں، اس میں ہماری foreign direct investment (FDI) وہ 2.48 billion dollars ہیں اور اس کے ساتھ اگر اس کو پچھلے سال سے compare کیا جائے تو وہ 2.34 billion dollars تھی یعنی 2025 میں 142 million dollars کا اضافہ ہوا ہے as compared to 2024 اسی طرح اگر companies کی بات کریں تو جو ہماری global companies ہیں ظاہر ہے ان کی اپنی strategic decisions ہوتے ہیں کہ ان کی clientele کہاں پر ہے۔ وہ کسی بھی ملک move کرتے ہیں یا کسی ملک سے pull out کرتے ہیں۔ لیکن پاکستان میں اس وقت جو نئی companies آئی ہیں، اس میں Group, Wafi Aramco Nova Minerals ہیں۔ اس کے علاوہ مشرق بنک اور USA کی کچھ companies ہیں۔ اس کے علاوہ Middle East کی کچھ companies ہیں جو پاکستان میں سرمایہ کاری کے لیے آئی ہیں، کچھ مزید آ رہی ہیں۔ ہماری پوری کوشش یہ ہے کہ اس وقت industries کو ہر وہ facility دی جائے انہیں operate کرنے کے لیے ان کی functioning کے لیے کہ پاکستان میں صنعت کاری کا پہیہ زیادہ سے زیادہ چلے ۔FBR کے حوالے سے جو reforms کی گئی ہیں، اس کی اپنی ایک لمبی فہرست ہے اور ہم نے پوری کوشش کی ہے کہ پہلے جو manual طریقے سے چیزوں کو چلایا جاتا تھا، اس میں زیادہ تر officers اور لوگ involve ہوتے تھے، اس کی وہاں پر faceless changes آئی ہیں۔ اس کی پوری reforms کی details ہیں، ان شاءاللہ ہم کمیٹی میں آپ کو دیں گے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر صاحب! قطع کلامی معاف FBR digitization کی briefing نہیں مانگی جارہی۔ وہ ہر کمیٹی میں ہو چکی ہے، آپ بتایئے جو سوال پوچھا جا رہا ہے excessive taxation and high energy prices in the region leading many foreign investors to leave the country جبکہ آپ کی کوشش بھرپور ہے کہ investment باہر سے یہاں پر آئے اور وہ آ رہی ہے، اس کا بتایئے۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جی، بالکل۔ میں نے آپ کو کچھ companies کے specific نام لے کر بتائے ہیں جو پاکستان میں آئی ہیں۔ اس کے علاوہ SIFC کے forum پر بھی کافی investment پاکستان میں آئی ہے۔ مختلف ممالک کے ساتھ ہمارے MoUs sign ہوئے ہیں۔ خاص طور پر اگر میں ذکر نہ کروں تو یہ زیادتی ہوگی کہ معرکہ حق میں جو اللہ نے آپ کو فتح دی ہے، اس سے بھی پاکستان کا نام پوری دنیا میں جس طرح آگے گیا ہے، آپ کے passport کو جو عزت ملی ہے۔ یہ بنیادی طور پر پاکستان پر لوگوں کا trust بڑھ رہاہے، یہاں جو challenges ہیں ان کا مقابلہ بہت ضروری ہے۔ تھوڑی دیر پہلے ہم terrorism کی بات کر رہے تھے political polarization کی بات کر رہے تھے۔ یہ ہم سب کو ایک قوم بن کر اپنے ذاتی اختلافات کو ایک طرف رکھ کر اور ایک دوسرے کو سیاسی میدان میں نیچا دکھانا، وہ بھی اگر politics political polarization تک رہے تو ٹھیک ہے لیکن وہ اس حد تک آگے چلی جاتی ہے کہ اس سے ملک کو نقصان ہوتا ہے، اس سے political polarization بڑھتی ہے۔ سب مل کر اس پر کام کریں گے تو ان شاء اللہ تعالیٰ مزید بہتری آئے گی۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: ان شاء اللہ، کمیٹی کو definitely refer ہو گیا ہےاور جو باقی رہتے ہیں تین items وہ اگلے Monday کو ضرور آئیں گے کیونکہ سب اہمیت کے حامل ہیں۔ آرڈر نمبر ۴۳،

Senator Qurat-Ul-Ain Marri, may move Order No. 43.

**Amendments to the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012 (Amendments in Rules 12,37,93 and 227)**

Senator Qurat-Ul-Ain Marri: I seek leave under sub-rule (4) of Rule 278 of Rules of Procedure and

Conduct of Business in the Senate, 2012, to move the following amendments in the said Rules:-

(i) in Rule 12, for sub-rule (8), the following shall be substituted, namely:-

"(8) Except with the permission of the Presiding Officer, a member shall not speak on the resolution for more than ten minutes:

Provided that the mover of the resolution and the Chairman or, as the case may be, the Deputy Chairman, against whom the resolution has been moved, may speak for twenty minutes."

(ii) for Rule 37, the following shall be substituted, namely:-

**"37. Time limit for speeches.-** The Chairman may, after taking the sense of the Senate, prescribe a time-limit for speeches:

Provided that the Leader of House, or the Leader of Opposition, or Minister may speak for twenty minutes:

Provided further that the speech of any other member shall not exceed ten minutes."

(iii) in Rule 93, for the proviso, the following shall be substituted, namely:-

"Provided that the mover or, the Leader of House, or the Leader of

Opposition, or Minister may speak for twenty minutes."

(iv) in Rule 227, in sub-rule (1), for the proviso, the following shall be substituted, namely:-

"Provided that a member with disability, illness, or any other condition affecting mobility may be permitted to speak while sitting:

Provided further that, notwithstanding anything contained in these rules, the Leader of House, or the Leader of Opposition, or Minister concerned may speak for twenty minutes:

Provided further that the speech of any other member shall not exceed ten minutes."

Madam Presiding Officer: I, now, put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Madam Presiding Officer: The Member has leave of the House to move the amendments. Now, Order No. 44, Senator Qurat-Ul-Ain Marri may move Order No. 44.

Senator Qurat-Ul-Ain Marri: I move that the proposed amendments in Rules 12, 37, 93 and 227 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, be taken into consideration.

**Pointing out of Quorum**

Madam Presiding Officer: The quorum has been pointed out. You may make count.

*(Count was made)*

Madam Presiding Officer: The House is not in order. Bells may be rung.

*(Bells were rung)*

Madam Presiding Officer: Count be made again.

*(Count was made)*

Madam Presiding Officer: The House is not in quorum with 18 members. The proceedings of the House stand adjourned to meet again on Tuesday, the 20th of January, 2026 at 11.30 a.m.

---------------

*[The House was adjourned to meet again on Tuesday the 20th January, 2026 at 11:30 a.m.]*

---------------